مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

اپریل 2025ء

روحانی

ماہنامہ

# تحفہ روحانیات

TR.TV
Ayyaz Muzammil

## مسلسل اشاعت کے بیس سال

سال کا بادشاہ یونانی نجوم
دست شناسی بطور سائنس، مذہب
اوقات شرف زہرہ، شرف شمس، ہبوط مریخ
شرف زہرہ کے خاص وظائف
تسخیرات کے خاص وظائف
تسخیر ملکہ پری، تسخیر شاہ جنات
سیف سلطانی، ماں کی فضیلت
دشمن زیر ہو، آسان عملیات
جادو کا توڑ، جادو سے تحفظ

شرف شمس طلسماتی گھڑی




یہ ماہ کیس رہیگا
نتائج حکومتی پرائز بانڈ نمبر
اپریل کے لکی نمبر



چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت
200
روپے
فی شمارہ

غارحراء کے اس درودیوار کے نام جہاں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبوابھی تک رچی بسی ہے

ان اللہ علی کل شئ قدیر

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

ماہنامہ روحانی

# تحفہ روحانیات

جلد نمبر 20 اپریل 2025ء شمارہ نمبر 10



بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

**ماہر روحانیات**

**شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری**

| | |
|---|---|
| سب ایڈیٹر | محمد نبیل مزمل۔سید عابد حسین شاہ |
| معاونین | ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی |
| پروف ریڈر | سید آل محمد، حنیف یاسر |
| سرکولیشن منیجر | رضوان علی رضوی 0300-6368746 |
| کمپوزنگ گرافکس | محمد مصباح العالم، عبیر احمد۔ |

**مجلس مشاورت**

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)

عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)' باباصدف انبالوی' علامہ آغا السیّد محمد ابوالحسن موسوی' کامران بنگش

شہزادرضوان حسین شاہ' منظور علی سموں' زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

**لیگل ایڈوائزر**

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

فی شمارہ 200 روپے

**بیرون ممالک سالانہ خریداری**

انڈیا' ترکی' کویت' ایران' سری لنکا 3000 روپے

یورپ' فارایسٹ 4000 روپے

امریکہ' کینیڈا' آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبرشپ 2400 روپے مع ڈاک خرچ

آفس

**ادارہ روحانیات**

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193


# ترتیب مضامین


| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| حمد | 03 | سیف سلطانی | 19 |
| سال کا بادشاہ' یونانی نجوم | 04 | شرف شمس طلسماتی گھڑی | 20 |
| دست شناسی بطور سائنس | 05 | دشمن زیر ہو | 21 |
| ستاروں کی چال وظیفہ کمال | 07 | آسان عملیات | 22 |
| اقات شرف زہرہ | 08 | جادو کا توڑ' جادو سے تحفّظ | 23 |
| اوقات شرف شمس' ہبوط مریخ | 09 | ماں کی فضیلت | 24 |
| عطارد' زہرہ درحوت | 10 | یونانی ٹوٹکے | 25 |
| تسخیر ملکہ پری | 11 | روحانی علاج | 26 |
| تسخیر شاہ جنات | 12 | یہ ماہ کیسا رہیگا | 27 |
| لاجواب استخارہ | 13 | نتائج حکومتی پرائز بانڈ | 33 |
| شرف زہرہ خاص وظائف | 14 | روزانہ کے لکی نمبر | 34 |
| تسخیرات کے وظائف | 15 | اپریل کے لکی نمبر | 35 |
| لوبان ہربل کا کمال | 17 | آپ کی ڈاک | 38 |
| شرف زہرہ | 18 | کوپن | 40 |



ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابه جنت اعلیٰ برابر است آہستہ پابنہ که ملک سجده می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار " وَاَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْم "

(ترجمہ) بے شک اللہ نے بخش دیا اور وہ غفور رحیم ہے۔

سورۃ مزمل آیت نمبر 20

☆ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

## فضائل سورۃ مزمل شریف

**حدیث پاک** :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

**حدیث پاک** :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

**حدیث پاک** :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب وعقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

# حدیث مبارکہ

## احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

## شوال، زکات سورۃ مزمل

نوچندا اتوار سے روزہ رکھا جائے اور نوچندا جمعرات سے سورۃ مزمل روزانہ 49 بار 7 یوم تک پڑھی جائے۔ آٹھویں دن سے اس تعداد میں 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کرکے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی کمی کرلیں۔ یعنی 42 بار پڑھیں گے۔ آئندہ مزید 7 روز بار تعداد کم کرکے 35 بار پڑھیں گے۔ مسلسل ہر 7 روز بعد 7 کی تعداد سورۃ مزمل کم کرتے جائیں گے۔ آخری ساتویں ہفتہ صرف 7 بار پڑھنے کی تعداد رہ جائیگی اس کے بعد صاحب ورد سورۃ مزمل کا عامل ہو جائیگا۔ سورۃ مزمل سے متعلقہ تمام اعمال میں مدد لے سکتا ہے۔ بشرط کہ روزانہ سورۃ مزمل قبل نماز فجر 7 بار پڑھی جائے۔ تمام ورد میں درود مزمل اول و آخر 7 بار پڑھا جائیگا۔ دوران وظیفہ بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھنا شرط اول ہے۔ تمام آداب وظیفہ کو نظر میں رکھیں رجعت سے بچنے کیلئے ہر وقت کلمہ استغفار کا ورد رکھیں۔ مشاہدات کے بارے میں کسی سے ذکر نہ کریں۔

کسی بھی شہر میں رسالہ نہ ملنے کی صورت میں اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 0300-6368746 ادارہ روحانیات

# حمد

دل رفتہ جمال ہے اس ذوالجلال کا
مستجمع جمی صفات و کمال کا
ادراک کو ہے ذاتِ مقدس میں داخل کیا
اُدھر نہیں گزار گمان و خیال کا
حیرت سے عارفوں کو نہیں راہِ معرفت
حال اور کچھ ہے یاں اُنہوں کے حال و قال کا
ہے قسمتِ زمین وفلک سے غرض نمود
جلوہ وگرنہ سب میں ہے اسکے جمال کا
مرنے کا بھی خیال رہے میر اگر تجھے
ہے اشتیاق جانِ جہاں کے وصال کا

میر تقی میر

# سال کا بادشاہ اور یونانی علم نجوم

تحریر و تحقیق :۔ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قارئین تحفہ روحانیات ! کافی دوستوں نے مارچ کے مہینہ میں سال کا بادشاہ اور نوروز بارے معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی کافی عرصہ بعد دیکھا کہ ابھی بھی علم نجوم کے شائقین موجود ہیں۔اسی لئے اُن کی تشنگی کو ختم کرنے کیلئے نوروز اور سال کا بادشاہ کے عنوان سے یہ مضمون شائع کیا جا رہا ہے تا کہ قارئین تحفہ روحانیات کے ذہن میں سوالات سال کے بادشاہ کو لے کر ہیں علمی دلائل سے جواب دیئے جاسکیں

یونانی علم نجوم کی حیثیت اپنی جگہ مسلمہ ہے اور اس میں بڑے بڑے استادان فن بھی گزرے ہیں مگر یونانی نجوم کا یہ المیہ رہا ہے کہ جو تحقیق استادوں نے کی اس کے بعد اسکو کسی نے نہیں بڑھایا پھر جو ان کی تحقیق تھی اس کو محفوظ نہیں کیا گیا اس طرح یہ علم مفروضوں کی نظر ہوتا گیا لوگ علم نجوم کے بارے میں جو انگریزی کتب میں چھپا۔اس سے استفادہ کرنے کو دعوئی سے کہتا ہوں کہ انگلش کتب کی کتابوں میں لکھے گئے احکام ننانوے (99) فیصد غلط ہیں ایسی چیزوں کو دیکھتے ہوئے مبتدی پر ہندی علم نجوم کا رنگ چڑھا اور اس وقت پاکستان میں تیسرے نجوم کا تھاٹ ابھرا جو ہندی اور یونانی کو ملا کر بنا لہذا اس طرح کوئی حکم بھی لگایا گیا صحیح نہیں ہوتا۔علم نجوم یونانی تھا جب فرعون کے درباری نجومی نے بتایا! کہ ایک بچہ پیدا ہونے والا ہے جو تمہارے زوال کا باعث ہوگا۔

قارئین سوچیں کہ اس وقت ملک مصر کی آبادی کتنی ہوگی جس نجومیوں کی پیش گوئی کے مطابق ایک بچے نے پیدا ہونا تھا اور ان سامنے بیٹھے سائل پر لگایا حکم صحیح نہیں ہوتا اس طرح درجنوں مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں۔اب ہندی میں سیاروں کے شرف اور ہبوط کے درجات علیحدہ علیحدہ ہیں۔مثلاً **ہندی نجوم قمر در عقرب کا کوئی تصور نہیں** ان کے نزدیک قمر عقرب تین درجے طاقتور ہوتا ہے چونکہ نوشے میں قمر اپنے گھر سرطان میں بیٹھا ہوتا ہے ہندی نجوم قمر برج قوس میں انتہائی درجے کا خراب ہے اور پھر برج جدی میں ہبوط حاصل ہے **مگر آجکل ہندی نجوم والے بھی قمر در عقرب کو ماننے لگ گئے ہیں** ۔اسی طرح ساڑھ ستی بھی ہندی کا طریقہ کار ہے مگر یونانی والے بھی ماننا شروع ہو گئے ہیں جبکہ ہندی میں پیدائشی قمر میں 12 طالع اور دوئم سے ساڑھ ستی قرار دی جاتی ہے مگر یہاں کسی برج میں زحل ہو اور وہ طالع خانہ بارہ یا خانہ دوم میں آجائے تو ساڑھ ستی قرار دیا جاتا ہے مگر وہ یہ نہیں سوچتے کہ خانہ بارہ سے خانہ دو تک ساڑھ ستی ہوگی مگر زحل نے خانہ چھ سات اور آٹھ میں بھی جانا ہے وہاں بھی اسے ساڑھ ستی قرار دی جاتی ہے اس طرح تو ہر انسان پر پندرہ سال کی پریشانی رہی پھر جب زحل کا دورا لگ ہے، وہ پڑے گا تو وہ تین حصے زندگی ساڑھ ستی میں ہی گرزارے گا۔

اسی ہندی نجوم کو دیکھ کر زائچہ نوروز سے سال کا بادشاہ مقرر کرنا شروع کر دیا گیا ہے اور جنتریوں میں یونانی نجوم میں چھپ رہا ہے اس کی اہمیت (نوروز) اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ جناب مولا علیؑ کو ظاہری خلافت ملی، زائچہ میں سال کا بادشاہ نوروز سے نہیں یکم محرم سے شروع ہوتا ہے اور اسکا حوالہ البیرونی کی کتاب الا نار الباقیہ عن القرون الخلالیہ میں موجود ہے اور جس میں دنیا بھر کے رائج تقویموں کا ذکر ہے کہ اگر مسلمانوں کو سال کا بادشاہ نکالنا پڑے تو یکم محرم سے نکالیں لیکن کوئی ضرورت نہیں ہے اب منجّم اعظم کی بات کو ہم کس کھاتے میں ڈالیں۔

قدیم مصر میں پہلا برج سنبلہ کو قرار دیا گیا تھا کیونکہ ان کے اس کا تعلّق زمین سے کیونکہ زمین بھی ایک سیارہ سے اسکا برج بھی ہونا چاہئے تھا۔اسی لیئے اسکا نشان ایک نوجوان لڑکی کی گندم کی بالی اٹھائے ہوئے ہے ان کے نزدیک بہار کا موسم برج سنبلہ سے شروع ہوتا تھا۔مگر یونان والوں نے اور فارس والوں نے کہا، زمین کا برج کوئی سا بھی ہو مگر ہم تحویل آفتاب کا وقت نوروز لیں گے۔

ہندوستان کے نجومیوں نے مذہبی طور پر زمین کی تخلیق کو یکم چیت سے قرار دیا کہ زمین کی تخلیق یکم چیت کو مکمّل ہوئی ہے لہذا اس سے بکرمی سن کا آغاز کیا جاتا ہے ہندوستان والوں سے پہلے کیا کئی ریاستوں میں بٹ ہوا تھا ہر راجہ مہاراجہ کا اپنا سن تھا لیکن آج تک ہندوؤں کی تاریخ کوئی نہیں مسلمانوں کو دیکھ کر اب تاریخ لکھنے شعور پیدا ہوا ہے۔ ہندوں کے کروڑوں دیوی دیوتا ہیں لہذا برہما ہر سال ایک کونسل ترتیب دیتا ہے کہ وہ زمینی انتظام وانصرام وہ سنبھالیں لہذا ایک سال کسی کو بادشاہ وزیر وغیرہ تخلیق کرتا ہے اسکا طریقہ یکم چیت کو جو دن ہوتا اس سے بادشاہ مقرر کیا جاتا ہے۔وزیر کیلئے یکم بیساکھ کا دن ہے، یکم ہاڑ کے دن کا حاکم اجناس پر حکمران ہوگا، یکم ساون کے دن کا حاکم زراعت کا حاکم ہوگا

(بقیہ صفحہ نمبر 6)

# دست شناسی بطور سائنس اور مذہب

تحریر:۔آسٹرو پامسٹ محمد ندیم اشرف (فیصل آباد)

دست شناسی بھی دوسرے سیاسی علوم کی طرح ایک سائنس ہے اس کی بنیاد بھی دوسرے سائنسی علوم کے اصولوں پر مبنی ہے یعنی ٹھوس استدلال مشاہدات اور تجربات پر نا کہ فروعی مفرودات پر تو پھر کیا وجہ ہے کہ ہم پامسٹری کو سائنس تسلیم نہیں کرتے۔ حقیقت جاننے کی کوشش ہی نہ کی ہو اور نہ ہی اس پر تحقیق و ریسرچ کے دورازے کھولے ہوں لیکن اسکی ایک وجہ بھی ہوسکتی ہے کہ ہمارے وطن عزیز کے مختلف بڑے بڑے شہروں خاص طور پر کراچی، لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد گوجرانوالہ وغیرہمیں نام نہاد نجومیوں، پامسٹوں، مسمریزم کے ماہروں عاملوں کاملوں نے لوگوں کو اس علم سے متنفّر کر دیا اور وہ یہ ساتھ دعوی کرتے ہیں کہ محبوب آپکے قدموں میں اور آپکی ہر خواہش پوری ہوگی اور ہمارے سادہ لوح عوام ان کے چنگل میں پھنس گئے ان لوگوں کے کالے کرتوتوں کی وجہ ے عوام بدظن ہوگئی۔ صاحب فراست لوگ اس بات پر حق بجانب ہیں کہ یہ لوگ ہماری تقدیر 500 یا 1000 روپے لے کر بدلتے ہیں یہ اپنی تقدیر کیوں نہیں بدلتے اور آپ فٹ پاتھوں پر ذلیل ہوتے ہیں، انہی باتوں کی وجہ سے لوگ ہاتھ دیکھانا معیوب سمجھتے ہیں حالانکہ دست شناسی تو عظیم سائنس ہے۔ ہم پامسٹری کو سائنس اس لیے بھی نہیں سمجھتے شاید اسکی ایک بڑی وجہ بھی ہے کہ ہمارے مذہب کے نام نہاد ٹھیکداروں نے اس علم کو ہمارے سامنے شیطانی علم کے طور پر پیش کیا اور دلیل یہ دینے لگے کہ یہ علم آنے والے وقتوں کی خبر دیتا ہے اس لیے یہ علم غلط ہے کیونکہ اس دور میں ان لوگوں کا عوام میں اثر رسوخ زیادہ تھا۔ اس لیے لوگوں نے اس عظیم علم کی توجہ میں نہ کی اور لوگ سمجھنے لگے تھے کہ اگر اس علم کی طرف دھیان دیا تو یہ مذہب کے نام نہاد ٹھیکیدار ہمیں شیطان کا ایجنٹ کہیں گے۔ میں مذہب کے ان نام نہاد ٹھیکیداروں سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ پی ٹی وی اور دوسرے الیکٹرونکس میڈیا پر روزانہ بتایا جاتا ہے کہ کل موسم خشک رہے گا یا ابرالود مجھے یہ لوگ بتائیں کہ یہی ٹی وی اور دوسرے میڈیا والوں کو کیسے معلوم ہوگیا کہ کل موسم خشک رہے گا یا ابر آلود انکی دلیل کی وجہ سے کیا یہ آنے والے وقت کی خبر نہیں دیتے انکو آپ شیطانی علم اور شیطان کے ایجنٹ نہیں کہتے۔ تو پھر انکا ایک ہی جواب ہوتا ہے کہ جناب وہ ہواؤں کے رُخ کا تجزیہ کر کے رزلٹ دیتے ہیں تو میں پھر ان مذہب کے نام نہاد ٹھیکیداروں کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہم پامسٹ حضرات بھی ہاتھ کے جملہ اراکین کا تجربہ کر کے ہی رزلٹ دیتے ہیں تو پھر ہمیں ہی کیوں عبرت کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ تو پھر یہ لوگ کہتے ہیں کہ وہ تو سائنس ہے تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ پامسٹری کیا سائنس نہیں اسکی بنیاد ٹھوس استدلال، مشاہدات، تجربات پر مبنی ہیں۔ خدارا آپ اپنی نام نہاد جھوٹی انا کے بت کو پاش پاش کر دیں اور مولیٰ کریم کی اس عظیم نعمت سے فائدہ اٹھائیں اللہ کریم آپکو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

آخر میں ایک اور اہم بات ان مذہب کے نام نہاد ٹھیکیداروں سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ماں کے پیٹ میں کیا ہے ہم سب مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ کسی کو نہیں پتہ لیکن آج الٹرا ساؤنڈ سے معلوم ہو جاتا ہے کہ ماں کے پیٹ میں بیٹی ہے یا بیٹا یہ بات تو اب معمولی ہے سائنس تو اس سطح پر پہنچ گئی ہے کہ آپ بیٹا چاہتے ہیں یا بیٹی۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کیا یہ بتانا شرک نہیں لیکن ان لوگوں کا دقیانوسی کا جواب ہوتا ہے کہ ماں کے پیٹ کے اندر بچہ کی تصویر ہوتی ہے اسکو سائنسی طریقے سے دیکھ کر بتاتے ہیں اس لیے یہ غلط نہیں میں ایک بات ان لوگوں پر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اسی طرح اللہ کریم نے بھی ہاتھوں پر تصویریں اور نشانیاں بنائی ہیں۔ اگر ہم پامسٹ حضرات ان نشانیوں کو دیکھ کر مشاہدہ بنائیں تو ہمیں کیوں عبرت کا نشانہ بناتے ہیں میں اپنی اس بات کی تصدیق دو مقدس کتابوں سے کرونگا۔

(1) بائبل میں اللہ کریم فرماتے ہیں کہ ہم نے آدم کے بیٹے کے ہاتھ پر نشانیاں بنادی تا کہ آدم کے بیٹے انہیں پڑھ کر سائنس اور اپنے کاموں کے متعلّق جان سکیں۔

(۲) قرآن کریم میں اللہ کریم فرماتے ہیں کہ کل قیامت کے دن انکی زبانیں اور منہ بند کر دیں گیں، انکے ہاتھ اور پاؤں انکی کرتوتوں کی گواہی دیں گیں۔

اور دست شناسی کا ہزاروں سال سے دعوی کہ انسان کا ہاتھ اسکے کردار کا آئینہ دار ہے اور جدید تعبیر بھی یہ ہے (کریکٹر ازمک) کردار ہی اصل میں تقدیر ہے۔

اب پھر ان مذہب کے نام نہاد ٹھیکیداروں سے بات کرنا چاہتا ہوں کہ دست

شناسی انسانیت کیلئے کتنی مفید ہے جیسا کہ مریض کسی جنسی بیماری میں مبتلا ہے لیکن ڈاکٹر یا حکیم سے کھل کر بات نہیں کرتا اور بیماری اندر اندر زور پکڑتی جارہی ہے اگر وہ ڈاکٹر یا حکیم دست شناسی دسترس رکھتا ہو وہ فوراً مریض کا ہاتھ دیکھ لے تو اسکو اصل بیماری کا پتہ بھی چل جائے گا اور مریض کی عزت بھی بچ جائے گی اور وہ متعلقّہ مرض کی میڈیسن دے دیگا اور مریض الحمداللہ تندرست ہو جائے گا مجھے یہ لوگ بتائیں کہ کس کا بھلا ہوا انسانیت کا اس سے بڑھ کر اور نیکی کرنا ہوسکتی ہے دوسری بات لوگ بیرون ملک جانا چاہتے ہیں لیکن ہاتھ کا مشاہدہ کر کے فوراً پتہ چل جائے گا کہ فلاں شخص کے مقدر میں بیرون ملک سفر ہے یا نہیں نیز کامیاب بھی ہوگا یا نہیں اس طرح ویزوں کے فراڈ سے بچ جائے گا کیا یہ انسانیت کیساتھ نیکی نہیں۔

اس سے علاوہ ایک اور بات اہم بات آج کل لڑکوں کا ظاہر کلچر اور ہے اور باطن کلچر اور ہے۔لڑکیوں کے والدین پریشان ہیں اگر وہ دست شناسی کی گائیڈنیس لے لیں تو الحمداللہ طلاق وغیرہ سے بچ سکتے ہیں کیا یہ انسانیت کی خدمت نہیں۔

ایک اور اہم بات خاص طور پر ہمارے پولیس کے اعلیٰ افسران وغیرہ اس علم پر اگر دسترس رکھتے ہیں تو انتہائی لوگوں کیلئے کار آمد ہوسکتا ہے مثال کے طور پر پولیس والوں نے کوئی چور' ڈاکو وغیرہ پکڑنا ہو یا قاتل تک پہنچ جائیں گے بس تمام لوگوں کے ہاتھ دیکھے جائیں رزلٹ اِنکے سامنے درست ہوگا اور دوسرے لوگ انکی ذہنی کوفت سے بھی بچ جائیں گے تو آپ اندازہ کریں کتنے بے گناہ لوگوں کا فائدہ ہوگا۔کیا یہ انسانیت کی خدمت نہیں۔

آخر میں ایک بات آپ لوگوں سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اتنی مدلل وار ٹھوس حقیقت ہونے کے باوجود بھی فن دست شناسی کو آپ غلط سمجھتے ہیں تو میں آپکو کیا کہوں آپکی کم علمی یا جہالت۔

آخر میں پھر مولیٰ کریم سے دعا گوں کہ اللہ کریم اپنی اس عظیم نعمت سے آپکو اور مجھے مستفید ہونے کے مواقع فراہم فرمائیں۔آمین ثم آمین۔

## غلطی کی اصلاح

ہم اکثر ان شاء اللہ ہمیشہ اردو اور انگلش میں غلط لکھتے ہیں۔اردو میں (انشاءاللہ) اس طریقے سے لکھنے سے دائرہ کفر میں داخل ہوجاتے ہیں۔

ان شاءاللہ درست انداز میں اس طرح لکھیں ان شاءاللہ اور انگریزی میں جب **Insha ALLAH** لکھیں تو **ALLAH** لفظ ہمیشہ کیپیٹل (بڑے) حروف میں لکھیں۔

(بقیہ ''سال کا بادشاہ'')

یکم بھادوں کے دن کا حاکم سپہ سالار، یکم اسوج کے دن مالک دولت کا مالک ہوتا ہے، یکم کارتک کا دن کا مالک پھلوں میں رسوں کا مالک ہے، یکم پوہ کے دن کا حاکم غلہ کا حاکم، یکم ماگھ کے دن کا حاکم سیارہ کپڑے روئی اور دھاتوں کا ہوتا ہے، ہر قسم کے پھل کے حاکم یکم چیت کے دن کا حاکم سیارہ ہوتا ہے اس طرح دس عہدے تجویز کر کے ایک آسمانی کونسل ترتیب دی جاتی ہے بکری کے مطابق بیساکھ 13 یا 14 اپریل کو برج حمل میں تحویل آفتاب ہوتا ہے اگر تحویل آفتاب کے دن بادشاہ بنانے کا تصور ہوتا تو پہلے ہندوؤں بناتے مگر اس کا تعلّق تحویل آفتاب سے نہیں تکمیل ارض سے ہے لہذا اگر سال کا بادشاہ بنانے سے ہم اگر نہیں رہ سکتے تو مستند طریقہ البیرونی کا یکم محرم والا ہی ٹھیک ہے۔دوسری طرف تماشہ ہے کہ سال کا بادشاہ یونانی طور پر بناتے ہیں اور دن عیسوی کیلنڈر کے مطابق بناتے ہیں۔ہندوں کو تو زراعت میں یا دولت میں یا کسی چیز میں کمی واقع ہو تو اس سے منسوب سیارے کا ہون کرتا ہے تا کہ وہ سیارہ اسکی مصیبت ٹال دے اس لئے سال کا بادشاہ اور کونسل ترتیب دی جاتی ہے جبکہ مسلمانوں میں یہ چیز نہیں وہ اللہ سے مدد مانگتے ہیں اور وہ ہی مشکل آسان کرتا ہے۔

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دُنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔مقدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کاروباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں ''**لوح ہمزاد**'' بنوا کر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔لوح ہمزاد ہمارا خاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **9200** روپے منی آرڈر کریں۔

# ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

## مریخ تسدیس زحل

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | بعدغروب | رجال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہفتہ | 05 | 05:58 تا 07:01 | 08:04 تا 09:07 | مغرب | 20:28 تا 21:25 | جنوب |

### مصفصل کی بیماری کے خاتمے کا وظیفہ

(**مقصد وظیفہ**) ستاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جن کی فصل کسی بیماری کی وجہ سے خراب ہو جاتی ہو یا وہ افراد جو کہ زیادہ عمر ہونے کے باعث خون کی کمی کا شکار ہوں یا وہ افراد جن کے دل میں بزدلی اور خوف بے انتہا ہو سیاروں کی اس نظر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(**وظیفہ**) وظیفہ کیلئے دو انچ لمبائی چوڑائی کا ٹین کا ٹکڑا لیں اس کے کنارے گول کرنے کے بعد اس پر **یَاُحیی یا ممیتُ** اسمائے حسنی اس طرح تحریر کریں کہ پہلے ان اسمائے حسنی کے ایک ایک حرف کو علیحدہ علیحدہ ایک دوسرے کے فاصلے سے لکھیں۔ مثلاً **ح ی ی م م ی ت** ان حرف میں اپنا مقصد مثلاً ''**دفع بیماری**'' ہے تو اس نام کے حرف کو بھی ایسے ہی الگ الگ کر کے ایک حرف کے بعد لکھ دیں جو اس طرح سطر بنے گی **ح د ی ف ی ع م ب م م ی ا ت ر ی** اسی وقت میں ان دونوں اسمائے حسنی کو ملا کر **1100** بار ورد کریں اول آخر درود شریف **11** بار پڑھیں اور اس لوح پر پھونک دیں فصل کی خرابی کا ڈر خوف ہو تو کھیت میں اس لوح کو لٹکا دیں خون کی کمی بزدلی اور خوف کی کیفیت ہو تو سیدھے بازو پر اس لوح کو باندھ لیں بعد وظیفہ روزانہ ان دونوں اسمائے حسنی کا ورد **108** بار کریں ان شاءللہ دوبارہ نہ تو فصل خراب ہوگی اور نہ ہی خون کی کمی ہوگی اور نہ ہی دل میں بزدلی اور خوف کی کیفیت ہوگی یاد رہے کہ لوہے کی تختی پر یہ لفظ لوہے کی قلم (کیل) سے کندہ کیے جائیں۔

**نوٹ:۔** ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ جمعۃ المبارک۔

**+92300-6351192**

## شمس تسدیس مشتری

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | بعدغروب | رجال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | 06 | 05:57 تا 07:00 | 11:13 تا 12:16 | جنوب | 18:35 تا 19:23 | شمال مغرب |

### انعامی بانڈ میں جیت کا وظیفہ

(**مقصد وظیفہ**) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے وظیفہ میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ ضروری ہی نہیں ہے اس وظیفہ کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

(**وظیفہ**) 1 تسبیح استغفار+21 بار درود شریف+21 سورہ مزمل +21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی ''**یا مغنی یا ذکی**'' ''**یا مغنی یا لطیف**'' 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد وظیفہ کے وقت 117 بار کریں۔

## زہرہ تثلیث مریخ

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | بعدغروب | رجال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | 06 | 07:00 تا 08:03 | 12:16 تا 13:19 | جنوب | 21:25 تا 22:22 | شمال مغرب |

### عیاش شوہر یا نافرمان خواتین کو راہ راست پر لانے کا وظیفہ

(**مقصد وظیفہ**) مرد و عورت میں صلح کرانے کیلئے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبیعت اور زیادہ غصہ والے ہوں آج اس وظیفہ سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(**وظیفہ**)**یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سواپاؤ مکھّن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھّن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس وظیفہ کی برکت سے وہ شخص مکمّل طور پر صاحب وظیفہ کیلئے مسخر ہو جائے گا۔

## زہرہ زحل قران

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | غروب بعد | رجال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سوموار | 7 | 11:12 تا 12:16 | 18:36 تا 19:32 | شمال مغرب | | |
| جمعہ | 25 | | 13:17 تا 14:23 | مشرق | 20:35 تا 21:29 | جنوب مشرق |

### خاتمہ امراض نسواں کا روحانی وظیفہ

(**مقصد وظیفہ**) سیاروں کی اس نظر میں ایسی خواتین کیلئے وظیفہ تیار کیا جا سکتا ہے جو کہ لیکوریا یا اسی طرح کے پوشیدہ امراض میں مبتلا ہوں ذیل کا وظیفہ نہایت مجرب ہے اور عموماً استعمال میں رہا ہے۔

(**وظیفہ**) متذکرہ ساعتوں میں 4 عدد نقش مربع حروف صوامت خاکی چال سے پُر کریں۔ وہ لوگ جو کہ نقش پُر کرنا جانتے ہوں **احــــد رسص طعک لموہ** 13 بار کاغذ پر لکھیں نیچے اپنا مقصد دعائیہ انداز میں تحریر کریں۔ ان میں سے 1 نقش پرانی قبر میں دوسرا نقش اسی قبر کے اوپر درخت میں تیسرا وزن کے نیچے اور چوتھا نقش مریض کو رکھنے کیلئے دیں روزانہ کلمہ طیبہ روزانہ 130 بار غروب آفتاب سے 10 منٹ قبل 13 یوم تک مریض خود ورد کرے ان شاء اللہ درج بالا امراض کا خاتمہ ہوگا اور مریض کو یہ مرض دوبارہ نہیں ہوگا۔

## شمس تربیع مریخ

| دن | تاریخ | صبح | دوپہر | رجال | بعد غروب | رجال |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سوموار | 21 | 08:56 تا 11:07 | 16:34 تا 18:45 | جنوب | | |

### دشمنوں کو زیر کرنے کا خاص وظیفہ

(مقصد وظیفہ) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل کر سکتے ہیں اور اُن کو زیر کرنے کیلئے کر سکتے ہیں۔

(وظیفہ) 1 تسبیح استغفار کی اور 21 بار درود شریف + سورہ کوثر 80 بار + سورۃ تبت یدا 80 بار + درود شریف پڑھنے سے پہلے 7 قبروں مٹی جمع کرلیں۔ یہ تمام کچھ پڑھ کر اس مٹی کو دشمن کی طرف ہوا میں اُڑا دیں بعد میں 80 روپے کسی حق دار کو یا مسجد میں ڈال دیں مگر یہ یاد رکھیں کہ یہ وظیفہ ناجائز کرنے پر بہت بڑے اور نحس اثرات ڈالتا ہے بعض اوقات ناجائز کرنے والے کی ہلاکت بھی ہو جاتی ہے جہاں اشد ضرورت ہو وہیں کریں۔

## شرف زہرہ (رجعت)

### قارئین تحفہ روحانیات نوٹ فرما لیں

02 اپریل کو لگنے والا شرف زہرہ کار آمد نہ ہے کیونکہ اس وقت شرف زہرہ اپنی الٹی چال چل رہا ہے یعنی بحالت رجعت پذیر ہے جس کی وجہ سے یہ اپنی سعدیت کھو دیگا۔ اس شرف میں تیار کی گئی تمام الواح اور وظائف رائیگاں ثابت ہونگے۔ قارئین اس کی بجائے 21 اپریل 2025ء کو لگنے والے شرف زہرہ میں اپنے معاملات سرانجام دیں۔

## شرف زہرہ

جب سیارہ زہرہ برج حوت کے 27 درجہ پر پہنچتی ہے تو شرف کی قوت حاصل کرتی ہے۔ خواتین سے متعلقہ اس سیارہ کی شرفی قوت میں تسخیر خلق، تسخیر خواتین، خلق، دفع امراض زنانہ یہ خاص وقت حب تسخیر کیلئے اعمال نقوش اور الواح تیار کئے جاتے ہیں۔ اس سال 21 اپریل بروز سوموار 19:36 تا 24 اپریل 15:36 پر، زہرہ برج حوت کے 27 درجہ سے گزرے گی۔ اس دوران زہرہ کی درج ذیل ساعتیں میسر آئینگی۔ جن کے رجال الغیب بھی ساتھ لکھ دیئے گئے ہیں یہ وقت اسلام آباد ٹائم کے مطابق ہیں۔ اپنے شہر کا وقت نفی جمع کر لیں جس کا چارٹ **مزمل روحانی جنتری** 2025ء میں شائع کر دیا گیا تھا۔

### 22 اپریل بروز منگل

پہلی ساعت:۔ 01:00 تا 01:53 تک رہیگی (شمال مشرق)

دوسری ساعت:۔ 07:41 تا 08:47 تک رہیگی (شمال مشرق)

تیسری ساعت:۔ 15:25 تا 16:31 تک رہیگی (شمال مشرق)

چوتھی ساعت:۔ 22:18 تا 23:12 تک رہیگی (شمال)

### 23 اپریل بروز بدھ

پہلی ساعت:۔ 04:34 تا 05:27 تک رہیگی (شمال)

دوسری ساعت:۔ 12:06 تا 13:12 تک رہیگی (شمال)

تیسری ساعت:۔ 19:38 تا 20:31 تک رہیگی (مشرق)

**24اپریل بروز جمعرات**

پہلی ساعت:۔01:52تا02:46 تک رہیگی (مشرق)

دوسری ساعت:۔08:46تا09:53 تک رہیگی (مشرق)

## شرف شمس

سیارہ شمس کو بادشاہ فلک مانا جاتا ہے۔یہ سیارہ عزت مال، دولت، جاہ وحشمت کا حاکم برج اسد کا مالک جب آسمان پر طلوع ہوتا ہے اس کی روشنی سے دیگر تمام سیارگان غروب ہو جاتے ہیں۔سیارہ شمس کی دھات سونا،نگینہ ہیرا، مالک و حاکم دن اتوار ہے۔وہ لوگ جو کہ عرصہ دراز سے مفلسی غربت تنگدستی کی زندگی گزار رہے ہوں اس خاص وقت درجہ شرف شمس میں اپنے لیے خاص الواح طلسمات یا چراغ شمسی تیار کروا کر اپنی قسمت جگا سکتے ہیں۔سیارہ شمس 07اپریل بروزسوموار 18:58 تا08اپریل19:23درجہ شرف سے گزریگا۔ جب شمس برج حمل کے 19درجہ پر ہوتا ہے تو حالت شرف میں بہت سے فائدے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔اس دوران شمس کی وہ ساعتیں جو کہ دن کے وقت میسر ہوں۔اپنے امور کو انجام دینے کیلئے مددگار ثابت ہونگی۔ رات کی ساعتیں یعنی بعد غروب آفتاب تا قبل طلوع آفتاب کی کوئی ساعت شرفی شمسی قوتوں سے کام لینے کیلئے خاص اہمیت کی حامل نہ ہے۔

شرف شمس کی ساعتیں مع رجال الغیب بھی لکھ دیئے گئے ہیں یہ وقت اسلام آباد ٹائم کے مطابق ہیں۔اپنے شہر کا وقت نفی جمع کر لیں جس کا چارٹ **مزمل روحانی جنتری 2025**ءمیں شائع کر دیا گیا تھا۔

**07اپریل بروزسوموار**

پہلی ساعت:۔07اپریل12:09تا01:05 تک رہیگا (شمال مشرق)

دوسری ساعت:۔08اپریل06:50تا07:54 تک رہیگا (شمال مشرق)

تیسری ساعت:۔08اپریل14:17تا15:21 تک رہیگا (شمال مشرق)

## ہبوط مریخ

سیارہ مریخ کو خون خرابی جنگ وجدل کا سیارہ مانا گیا ہے آسمانی درجات میں مریخ سپہ سالار فلک کہلاتا ہے مذکر جنس کے حامل اس سیارہ کو ہمت بہادری غلبہ دشمن جنس مخالف پر غلبہ جیسے امور میں بہت سازگار مانا جاتا ہے۔جب یہ سیارہ اپنے سعد درجات پر ہوتا ہے تو اس سے متعلقہ قوتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے جب یہ سیارہ اپنے نحس بروج یا درجات پر ہوتا ہے تو اس کی مثبت قوتیں منفی ہو جاتی ہے ایسے افراد جن کا تعلق برج حمل یا عقرب سے ہو خاص طور سے وہ افراد جو کہ مریخ کے زیر اثر ہوں اور وہ افراد جن کا تعلق حمل عقرب سمیت سرطان، میزان اور دلو سے ہو۔سیارہ مریخ کے نحس دور میں جسمانی و روحانی امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔مریخ کی نحس قوتوں سے بچنے کیلئے صدقہ مریخ ضروری ہے۔ذیل کے دونوں سیاروں کا حکمران سیارہ مریخ ہے اسی لئے ان کے بارے میں الگ سے ہدائیت ہے۔

**برج حمل :** ۔ہبوط مریخ کے دوران برج حمل سے تعلق رکھنے والے افراد اس عرصہ میں تناؤ' جذباتی عدم استحکام یا مستقبل کے منصوبوں میں رکاوٹوں کا سبب بن سکتا ہے۔

**برج عقرب :** ۔۔ہبوط مریخ کے دوران برج حمل سے تعلق رکھنے والے افراد اس عرصہ میں مختلف خطرات اور مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے خاص طور پر جذباتی اور مالی معاملات میں لازمی احتیاط برتیں۔

جب سیارہ مریخ برج سرطان کے 28درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے ہبوط ہوتا ہے۔درجہ ہبوط کی وجہ سے یہ سیارہ اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے۔اس دوران دشمن کو کمزور کرنا معدہ، خرابی خون، جلدی یا جنسی امراض میں مبتلا کرنا، دشمن کو کمزور یا ذلیل وخوار کرنا، دشمن پر خوف دہشت اور وہم، جنات و جادو مسلّط کرنا جیسے طلسمات تیار کئے جاتے ہیں یعنی درجہ حضیض ہر لحاظ سے وظیفہ شر میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ایسے افراد جو کہ درج بالا امور سے متعلق دشمنوں کیلئے کچھ کرنا چاہیں تو ضروری ہے کہ پہلے استخارہ کریں یا ادارہ سے اجازت لیں تا کہ رجعت سے محفوظ رہا جاسکے۔

رواں سال 10اپریل بروز جمعرات 19:31 تا13اپریل بروز اتوار 09:51 مریخ برج سرطان کے 28درجہ سے گزریگا۔اس دوران مریخ کی تمام ساعتیں درج بالا امور میں مددگار ثابت ہونگی خاص طور سے وہ ساعتیں جو کہ غروب آفتاب کے بعد اور طلوع آفتاب سے قبل ہوں طاقت رکھتی ہیں۔ہبوط مریخ کی ساعتیں مع رجال الغیب بھی لکھ دیئے گئے ہیں یہ وقت اسلام آباد ٹائم کے مطابق ہیں۔اپنے شہر کا وقت نفی جمع کر لیں جس کا چارٹ **مزمل روحانی جنتری 2025**ءمیں شائع کر دیا گیا تھا۔

پہلی ساعت:۔10اپریل21:21تا22:17 تک رہیگی (جنوب مشرق)

**11اپریل بروز جمعہ**

پہلی ساعت:۔03:51تا04:46 تک رہیگی (جنوب مشرق)

پہلی ساعت:۔11:04تا12:09 تک رہیگی (جنوب مشرق)

تیسری ساعت:۔18:35تا19:31 تک رہیگی (مغرب)

**12اپریل بروز ہفتہ**

پہلی ساعت:۔01:03تا02:00 تک رہیگی (مغرب)

دوسری ساعت:۔07:50تا08:54 تک رہیگی (مغرب)

## عطارد در حوت (مستقیم)

سیارہ عطارد جسے انگریزی میں Mercury اور ہندی میں بدھ کہا جاتا ہے یہ سیارہ آسٹرالوجی میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے یہ سیارہ نہ مذکر ہے نہ مونث یعنی اسے مخنث تصور کیا گیا ہے۔ جب بھی یہ سیارہ اپنے سے زیادہ طاقت ور سیارہ کے ساتھ ہوتا ہے تو یہ اُسکی تمام خصوصیات اپنے اندر ڈھال لیتا ہے اسی لئے اسے مخنث مانا گیا ہے۔

سیارہ عطارد کو ذہانت، مواصلات اور تجارت کا سیارہ کہا جاتا ہے۔ عطارد 07اپریل کو16:08پر برج حوت میں مستقیم ہو رہا ہے یعنی اس کے وجہ سے جو کام الٹ ہو چکے تھے اب وہ درست ہونا شروع ہو جائینگے۔

**برج حمل:** ۔عطارد کے مستقیم ہونے کی وجہ سے برج حمل والوں کیلئے سفر پیش آسکتا ہے اور ان کو نئے نئے تجربات سیکھنے کو ملیں گے رُکے ہوئے کام پایہ تکمیل تک پہنچ سکتے ہیں۔

**برج جوزا:** ۔عطارد برج جوزا کا حکمران سیارہ ہے اس لئے اس کا مستقیم ہونا برج جوزا والوں کے لئے ایک اچھی علامت ہے۔ انکا اندرون و بیرون ملک سفر اور انکے الجھے ہوئے معاملات بہتری کی جانب آنا شروع ہو جائیں گے، نئے تجربات کریں گے تو کامیابی ممکن ہے۔

**برج سنبلہ:** ۔عطارد کے مستقیم ہونے کی وجہ سے برج سنبلہ کے حامل افراد تنظیم، تفصیل پر توجہ اور تجرباتی صلاحیتوں میں کامیابی لائیگی۔

**برج دلو:** ۔عطارد کے مستقیم ہونے کی وجہ سے برج دلو کے حامل افراد کو نئے نئے خیالات آئیں گے جن میں کامیابی ممکن ہے، سماجی روابط نزید بڑھیں سکتے ہیں، تکنیکی منصوبوں میں کامیابی ممکن ہے۔

## زہرہ در حوت (مستقیم)

سیارہ زہرہ نرم، محبّت کرنے والا، اور ہم آہنگی پسند ہے۔ یہ فن، حسن، اور محبّت سے متعلّق ہے اور تعلّقات میں نرمی اور جذباتی توازن لاتا ہے۔ زہرہ کی توانائی لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور محبّت و ہم آہنگی کو فروغ دینے میں مدد دیتی ہے۔ جب زہرہ در حوت میں مستقیم ہو تو اس کا اثر مختلف بروج پر مختلف طریقوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ زہرہ کا مزاج نرم، محبّت کرنے والا، اور ہم آہنگی پسند ہے۔

### زہرہ در حوت میں مستقیم ہونے کے فوائد

نمبر1:۔''**جذباتی گہرائی**'' زہرہ در حوت میں جذباتی طور پر گہرائی اور حساسیت لاتا ہے۔ یہ مبارک وقت محبّت اور رومانوی تعلّقات میں گہرائی اور خلوص پیدا کرتا ہے۔

نمبر2:۔''**فنکارانہ صلاحیتیں**'' یہ پوزیشن فنکارانہ صلاحیتوں کو بڑھاتی ہے، خاص طور پر موسیقی، شاعری، اور دیگر تخلیقی فنون میں۔

نمبر1:۔''**روحانی محبت**'' زہرہ در حوت روحانی محبّت اور ہم دردی کو فروغ دیتا ہے، جو تعلّقات میں ہم آہنگی اور افہام و تفہیم پیدا کرتا ہے۔

### مختلف بروج پر زہرہ در حوت کے اثرات

**برج حمل** :۔رومانوی تعلّقات میں جذباتی گہرائی' حساسیت بڑھتی ہے۔

**برج ثور**:۔مالیات اور محبّت میں ہم آہنگی اور استحکام آتا ہے۔

**برج جوزا**:۔تخلیقی صلاحیتیں بڑھتی ہیں اور رابطوں میں نرمی آتی ہے۔

**برج سرطان**:۔گھریلو ماحول میں محبّت اور ہم آہنگی بڑھتی ہے۔

**برج اسد**:۔رومانوی تعلّقات میں شان و شوکت' جذباتی گہرائی آتی ہے۔

**برج سنبلہ**:۔روزمرہ کاموں میں، ہم آہنگی اور تخلیقی صلاحیتیں بڑھتی ہیں۔

**برج میزان**:۔تعلّقات میں ہم آہنگی اور جذباتی توازن بڑھتا ہے۔

**برج عقرب**:۔جذباتی تعلّقات میں گہرائی اور شدت آتی ہے۔

**برج قوس**:۔روحانی اور فلسفیانہ محبّت کو فروغ ملتا ہے۔

**برج جدی**:۔محبّت اور مالیات میں استحکام اور عملیت پسندی آتی ہے۔

**برج دلو**:۔دوستی اور سماجی تعلّقات میں ہم آہنگی بڑھتی ہے۔

**برج حوت**:۔جذباتی' روحانی محبّت میں گہرائی اور حساسیت بڑھتی ہے۔

## سبع طلسمات سیارگان







قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف و اوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

تسخیر روحانیات کے شائقین کیلئے نایاب موقع

# تسخیر ملکہ پری

قارئین تحفہ روحانیات کو سب سے پہلے آنے والی عید الفطر کی ڈھیروں مبارکباد۔اس خوشی کے ساتھ ہی شرف زہرہ کا خوبصورت ترین وقت آرہا ہے جس کا انتظار شائقین روحانیات اور طلب تسخیرات کو ہمیشہ رہا ہے۔اس نایاب وقت میں آپ کسی انسان' جنات' ارواح' پریوں اور کسی کو بھی تسخیر کرنے کیلئے اس نایاب وقت میں مختلف وظائف واعمال اور طلسمات تیار کئے جاتے ہیں۔اس غرض سے تسخیر کا وظیفہ پیش خدمت ہے تاکہ قارئین تحفہ روحانیات کی روحانی امداد کی جاسکے۔

(**نوٹ**) شرف زہرہ کے موقع پر خاص لوح تسخیر جنات وموکلات تیار کی جاتی ہے جس کی برکت سے اپنے مقاصد کے حصول میں آسانیاں ممکن ہوجاتی ہیں اور اس مخفی مخلوق کو مسخر کرسکتے ہیں۔

## تسخیر ملکہ پری

روحانیت ایک نہایت دلچسپ اور یہ اثر لفظ ہے کچھ لوگوں کے نزدیک تسخیر پریاں وہ افراد وکہ پریوں کی تسخیر چاہتے ہیں اس روحانی وظیفہ بہت آسانی سے کامیابی حاصل ہوجاتی ہے لیکن جب سمندر میں اتریں تو ان اسکی گہرائی کا پتہ چلتا ہے۔لفظ روح سے روحانیت ہے اور روح حکم ربی ہے جب تک ہم روح کے فلسفہ کو نہ سمجھیں گے روحانیت کا سمجھ میں آجانا ممکن نہیں۔وظیفہ کی عام اجازت نہیں ہے۔اجازت صرف ان لوگوں کو ہے جو کہ ہمارے بتائے ہوئے طریقے سے عمل کریں گے۔

لیکن شرط اول یہ ہے کہ سورۃ مزمل کے ساتھ درود الودود اور درود مزمل آپ کو ازبر ہونا چاہیے۔اس وظیفہ کو کرنے کا خاص وقت موسم بہار ہے۔جو کہ ان شاءاللہ آرہا ہے جب ہر طرف خوشبو اور پھول کھلے ہوتے ہیں۔جیسے ہی بہار کا موسم شروع ہو سرسبز باغ جس میں پھول زیادہ تعداد میں لگے ہوں اور خوشبو ہو اس جگہ کا انتخاب کرلیا جائے اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پرسکون جگہ کا انتخاب کریں۔گھر کا باغ یا لان ہو تو وہ اس وظیفہ کیلئے موزوں ہے۔وہ لوگ جو کہ بغیر صحن کے مکانوں یا فلیٹ میں رہتے ہیں ایک کمرہ صاف ستھرا کرلیں جسے اچھی طرح اگربتی سے معطّر کیا جائے اب اس کمرہ میں بڑی قسم کے گلاب چنبیلی اور موتیا کے پودے رکھے جائیں مدت وظیفہ کل 20 یوم ہے۔بہار کے موسم میں جو کہ مارچ سے شروع ہوجاتا ہے۔

نمبر 1:۔نوچندی جمعرات کو بوقت تہجّد سفید رنگ کا لباس پہن کر سفید رنگ جائے نماز یا کپڑے پر دو رکعت نماز برائے تسخیر پریاں ادا کریں

نمبر 2:۔نماز کی ادائیگی کے بعد 20 بار درود الودود

نمبر 3:۔20 . بار درود المزمل

نمبر 4:۔بیس (20) بار سورۃ مزمل اس طرح ورد کی جائے کہ ہر بار سورۃ مزمل پڑھنے کے فوری بعد یا بدوح 20 بار

نمبر 5:۔درود الودود 20 بار

نمبر 6:۔آخر میں درود مزمل 20 بار ورد کریں۔

**درود مزمل** :۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلےٰ آلِ مُحمد بِعَدَ دِالْمُزَّمِّلِ وَالخَصَائِصِ۔

**درود الودود** :۔اَلوَدَوُدُ صَلِّے عَلٰی مُحَمّدُ وَ اَلِہٖ اَہٗلِ بَیُتِ اِنَّکَ رُحِیمُ وَدَوُد۔

**ذاتی مشاہدہ**:۔آخری روز احساس ہوا روشنیاں چمک رہی ہیں۔جگنو جیسی چند روشنیاں جھلملا رہی تھیں۔بہترین قسم کی خوشبو کا احساس ہوتا ہے ایسا جیسے کہ کمرے میں ایئر فریشنر کردیا گیا ہو مگر یہ خوشبو اس سے لاکھ درجہ مختلف اور اعلی قسم کی ہوتی ہے۔اس خوبصورت تھے اور احساس کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا ہر ایک کے روحانی طاقت کا درجہ مختلف ہوتا ہے جس کی جتنی روحانی قوت ہوگی وہ اس احساس کو اتنا ہی محسوس کرے گا اور اپنے مشاہدہ کو اتنا ہی بہتر طور سے کرسکے گا ان پریوں کے جھرمٹ کو دیکھ سکے گا۔ملکہ پری اپنی شان وشوکت کے ساتھ حاضر ہوتی ہے دائیں اور بائیں جانب تین تین خوبصورت حسین وجمیل پریاں بھی موجود ہوتی ہیں۔ملکہ پری کے ہاتھ میں ایک موتی اور چمکتا ہوا ایک ستارہ ہوتا ہے۔سورہ مزمل سے اس کو بلانے کا طریقہ پوچھیں۔جب وتسخیر کے کاموں میں مدد کا عہد لیں۔

دوران وظیفہ لوح مزمل پاس رکھیں۔تسخیرات کے معاملے میں سب سے زیادہ **بہترین لوح مزمل** وہی کام دیتی ہے جو کہ شرف زہرہ میں تیار کی گئی ہو۔**وظیفہ کی اجازت** کیلئے اسی رسالہ کے آخری صفحہ پر شائع کردہ کوپن ہدایت کے مطابق پُر کرکے بھیجیں۔




قارئین تحفہ روحانیات! تسخیرات کے موضوع پر گزشتہ رسالوں میں بھی بات ہوئی جس میں کہ تسخیر خاص و عام تسخیر پریاں و جنات پر بات ہوئی۔ وٹس ایپ نمبر پر دوستوں نے فرمائش کی کہ ''تسخیر شاہ جنات'' پر کچھ تحریر کیا جائے۔ انکی اس خواہش کو دیکھتے ہوئے ہم نے اپنے فیس بک پیج (Tohfa_E_Rohaniyat) پر ذیل کا مضمون لگایا جسے دوستوں نے بہت سراہا، تحفہ روحانیات کی مجلس مشاورت میں یہ طے پایا کہ شرف زہرہ کے اس خاص موقع پر ''تسخیر شاہ جنات'' کا یہ مضمون شائع کیا جا ئے کیونکہ بہت سے ایسے دوست احباب ہیں جو کہ سوشل میڈیا کا استعمال نہیں کرتے یا ایسے بھی دوست احباب ہیں جو کہ نایاب روحانی مضامین ہارڈ کاپی کی صورت میں اپنے پاس محفوظ رکھنا چاہتے ہیں۔ اسی بات کے پیش نظر یہ مضمون روحانی ماہنامہ ''تحفہ روحانیات'' میں شائع کیا جا رہا ہے۔

## انوکھا لاڈلا کھیلن کو مانگے چاند

میرے دوستوں کو شاید نہیں معلوم کہ وہ بھول پن میں چاند آسمان سے اتارنے کی بات کر رہے ہیں یا انگارے اٹھا کر منہ میں ڈالنے کی بات کر رہے ہیں مگر یاد رہے کہ پڑھنے اور سننے میں یہ واقعات اور سلاسل جتنے اچھے لگتے ہیں مزیدار لگتے ہیں مگر عملی طور پر ان کو حاصل کرنا اتنا ہی مشکل ہے جتنا شیر کی مونچھ کا بال توڑنا شاید وہ بھی کچھ آسان ہوگا مگر بھولے دوستوں کی بھولی فرمائش ہوتی ہے لہذا ایسا وظیفہ جو کہ اب تک مجرب رہا آپ کیلئے پیش کر دیتا ہوں۔

آج سے چند سال پہلے یہ وظیفہ کیا۔ قارئین کو اپنے تجربات کی روشنی میں رہنمائی کی جاتی ہے کہ وہ افراد جو کہ روحانیت بارے سنجیدہ ہیں جو چاہتے ہیں کہ انکی زندگی نہایت پرسکون گزرے یا 70 سے 80 فیصد خواہشات کی تکمیل ہو وہ ضرور اس وظیفہ کو کریں صرف 21 دن کی محنت اور پھر زندگی بھر کا سکون وظیفہ کے اختتام یا دوران شاہ جنات اپنے لشکر سمیت تشریف لاتے ہیں۔ عہد و پیماں کریں اور جب بھی ضرورت محسوس کریں گے آپکا جائز شرعی کام ہو جائیگا۔ وظیفہ مکمّل ہونے کے بعد صرف نوچندی جمعرات کو بلایا کریں۔ ایسی جگہ کا انتخاب کریں جو کہ کچی زمین ہو حصار کی نیت سے ایک بڑے چھرے پر سورہ مزمل 5 بار ورد کر کے دم کریں۔ حصار ظاہری و باطنی لگائیں تا کہ ڈر خوف کا گمان نہ رہے پھر بھی ڈر لگے تو اللہ کی مرضی۔ کمرے میں بالکل اندھیرا ہو تو بہت اچھا ہے ورنہ کم روشنی میں بھی اس وظیفہ کو شروع کر سکتے ہیں۔ مگر یاد رہے کہ تسخیر روحانیت کے قواعد وضوابط سے ہٹ کر یہ وظیفہ ہرگز نہ کیا جائے ورنہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔ اپنی نیت اور ارادہ کو 5 بار دہرائیں کہ الٰہی میں سورہ مزمل کی برکت سے اس کی روحانی قوت کے طفیل شاہ جنات کو اپنے جائز کاموں کیلئے مسخر کرنا چاہتا ہوں مکمّل توجہ اور دھیان کے ساتھ سورۃ مزمل کا ورد 53 بار اول آخر درود مزمل 53 بار دوران ورد کسی بھی ایک آیت پر سستی یا جمائی، نیند کا غلبہ آئیگا۔ اب تک جتنے لوگوں کو اس وظیفہ کا مشاہدہ ہوا ہر ایک کو مختلف آیت پر درج بالا کیفیت وارد ہوئی بندہ احقر العباد محمد ایاز مزمل حسین شاہ کو سورہ مزمل کی ایک مختصر آیت مبارکہ پر جمائیاں شروع ہوئیں دوران وظیفہ جب زیادہ شدت ہوئی تو کئی بار ایسا بھی ہوتا کہ وہی چھرا جو کہ حصار کیلئے لگایا ہوتا ہے وہ ہاتھ سے بلند کر کے اپنے سینے میں گھونپنے کیلئے بھی تیار ہو جاتا۔ مگر روحانی بزرگوں کی سرپرستی کی وجہ سے ایسا ممکن نہ ہوا۔ یہ انتہائی خطرناک کیفیت ہوتی ہے چونکہ آپ بچوں کا کھیل نہیں کھیل رہے ہیں بلکہ شاہ جنات کو حاضر کرنے کیلئے وظیفہ کر رہے ہیں اس لیے دل جگرا چاہیے اگر وظیفہ میں ذرا سی بھی کوتاہی یا غلطی ہو تو صاحب وظیفہ وہ چھرا خود اپنے سینہ میں اتار لیتا ہے۔ اس لئے نہایت خطرناک وظیفہ ہے۔ اختتام وظیفہ جنات کے قبائل کا بادشاہ انسانی شکل میں لباس فاخرہ میں ملبوس ظاہر ہوگا۔ باادب طریقہ سے سوال و جواب کریں اپنے حواس پر قابو رکھیں۔

آپ نے مجھے کیوں یاد فرمایا؟ جواب دیں کہ آپ مجھ سے عہد کریں کہ میرے ضروری کاموں میں مدد کریں گے جب بھی میں انتہائی ضرورت کے وقت طلب یاد کروں۔ آپ اپنے خدام کے ذریعے میرا وہ کام کروا دیا کریں۔ شاہ جنات آپکے عہد اور شرائط کو منظور کریگا اُس سے نشانی طلب کریں۔ جانے کی اجازت دے دیں۔

نوچندی جمعرات کو خواہشات یا تکمیل مقصد کی غرض سے تنہائی میں 5 بار سورہ مزمل پڑھیں ظاہر ہو جائیں تو ٹھیک ورنہ اپنے مقصد کو 5 بار دہرا دیں کام ہو جایا کریگا۔ دوران وظیفہ لوح تسخیر جنات پاس رکھیں۔ اس وظیفہ کی کامیابی کی ضمانت **لوح تسخیر جنات** میں ہے۔ **وظیفہ کی اجازت** کیلئے اسی رسالہ کے آخری صفحہ پر شائع کردہ کوپن ہدایت کے مطابق پُر کر کے لازمی بھیجیں۔

# لاجواب استخارہ

تحریر
محمد نبیل مزمل

**مشہور زمانہ کتاب 110 مجرب استخاروں سے ایک نایاب استخارہ** (کتاب منگوانے کیلئے ادارہ کے وٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں)

(**نوٹ**) کتاب 110 مجرب استخارے ایسی نایاب کتاب ہے کہ اس کتاب کا تحفہ روحانیات کے ہر قاری کے گھر ہونا بہت ضروری ہے۔

قارئین! بہت عرصہ سے آپکی خدمت میں مختلف اقسام کے وظائف و استخارے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شائع کئے جا رہے ہیں۔ آپکی اس محبّت کو دیکھتے ہوئے مجرب استخارہ پیش کر رہا ہوں میرے سابقہ استخارہ جات کو آپ دوستوں نے بہت سراہا۔ ہر مومن بھائی ان مجرب استخاروں سے فیض حاصل کر رہا ہے۔ اپنے روز مرہ میں پیش آنیوالی مشکلات و عام امور میں راہنمائی لے رہا ہے۔ استخارہ کرنے کے چند قانون اور قاعدے ہوتے ہیں اگر ان قواعد پر عمل کیا جائے تو کامیابی ممکن ہو جاتی ہے۔

قارئین کرام ایک مجرب استخارہ جو کہ مستند کتابوں سے ہے پیش کرتا ہوں۔ شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ اس استخارہ کی مدد سے اپنے ہر کام میں راہنمائی لی جاسکتی ہے۔ مثلاً نکاح یا شادی بارے استخارہ کرنا ہو، یا جادو سے متعلّق کاروباری بندش معلوم کرنی ہو یا امراض جسمانی وروحانی بارے استخارہ کا ارادہ ہو ہر مسلہ کے حل کیلئے استخارہ ضروری ہے مزید ایک بار پھر باقاعدہ طور پر استخارہ کا طریقہ آپ کو بتا دیتا ہوں۔ عمل کیا جائے تو یقیناً ان استخاروں سے مکمّل فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ بہت سے لوگ استخارہ کرتے ہیں مگر قواعد اور ضوابط کا خیال نہیں رکھتے۔ شکایت کرتے ہیں کہ ہم پر استخارے نہیں کھلتے ایسے دوستوں سے گزارش ہے کہ اپنی غلطی اور کوتاہی کو دیکھیں کہ آخر آپ میں ایسی کونسی غلطی یا کوتاہی ہے کہ آپ پر استخارے نہیں کھلتے اور باقی سب لوگوں پر کھل جاتے ہیں۔ یاد رکھیں جب بھی استخارہ کرنا مقصود ہو بعد نماز عشاء دو رکعت نماز استغفار ادا کی جائے پھر دو رکعت نماز برائے استخارہ پڑھیں۔ جس میں پہلی رکعت میں الحمد اللہ اس کے بعد سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) پڑھیں اب صدق دل سے 7 بار اس دعا کو پڑھیں اور درود پاک کا ورد کرتے ہوئے سو جائیں۔ اس دعا کو پڑھنے کے بعد کسی سے گفتگو نہ کریں بالکل خاموش رہیں۔ ان شاء اللہ پہلی ہی رات میں استخارے کا جواب مل جائیگا۔ ورنہ کم از کم 3 یا 7 روز تک کریں۔

استخارہ چاند کی 11,12,13 تاریخ کو کریں۔

عرفہ کے دن استخارہ کیا جاسکتا ہے (9 ذی الحجہ)۔

اگر ایک بار استخارہ کا جواب انکار میں آجائے تو اسے بار بار نہ آزمائیں استخارہ کا جواب کئی طریقہ سے ظاہر ہوتا ہے یعنی اچھے یا برے خواب کی شکل میں سبز اور سفید رنگ کی روشنیوں کی شکل میں جواب ہاں ہوگا، سرخ اور سیاہ رنگ کا نظر آنا انکار کی شکل ہے۔

جمعرات کا دن گزار کر شب جمعہ استخارہ کیا جاسکتا ہے۔

روزانہ رات کا دوسرا آدھا حصہ استخارہ کرنے کیلئے مناسب ہے۔

مشہور صحابیِ ابوذر غفاری فرماتے ہیں کہ ساعت اجابت (جمعہ کی دو پہر سورج ڈھلنے کے کچھ دیر بعد سے ایک ہاتھ کے بقدر سورج ڈھلنے تک) ہے۔

روزانہ سحری کے وقت استخارہ کی نیت کی جاسکتی ہے۔ سرخ سیاہ رنگ کی روشنیوں کی شکل میں انکار تصور کیا جائیگا۔ درج ذیل استخارہ کو بہت سے علماء اور بزرگان نے اپنے مقاصد کے لیے یقینی کامیابی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ دعا استخارہ اپنی نماز کے بعد اسی جگہ پڑھیں۔ دعا استخارہ یہ ہے۔

**اللّٰھُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ وَاسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ اللّٰھُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ ہٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاقْدُرْهُ لِي وَيَسِّرْهُ لِي ثُمَّ بَارِكْ لِي فِيهِ وَإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ ہٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي أَوْ عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ فَاصْرِفْهُ عَنِّي وَاصْرِفْنِي عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِي بِهِ ۝**

(ترجمہ) اے اللہ میں تیرے علم سے تیری رہنمائی چاہتا ہوں اور تیری قدرت سے تیری قدرت مانگتا ہوں اور میں تجھ سے تیرے فضل سے سوال کرتا ہوں کیونکہ تو قادر ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیب کا جاننے والا ہے اے اللہ اگر تو جانتا ہے کہ یہ معاملہ میرے لیے میرے دین میں، میری روزی میں اور کسی کام کا نتیجہ ہے تو اس کو میرے لیے آسان کر دے، یا میرے لیے آسان فرما دے، میرے لیے، اور پھر اس میں مجھے برکت دے۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ معاملہ میرے لیے میرے دین، میری روزی، میرے کام کے انجام یا میرے فوری اور سنگین معاملہ میں برا ہے تو اس کو مجھ سے دور رکھ اور مجھے اس سے دور کر اور جہاں کہیں بھی ہو میرے لیے نیکی لکھ دے اور پھر مجھے اس پر راضی کر دے۔

ریاض بک ڈپو، چوک جھال خانوانہ فیصل آباد۔ 0300-7667517 ادارہ روحانیات

# شرف زہرہ کے خاص وظائف

تحریر سید طارق زیدی (کراچی)

زہرہ کو برج حوت کے 27 درجہ پر شرف ہوتا ہے۔اس سال 21 اپریل 2025ء بروز سوموار 19:36 تا 24 اپریل 15:36 پر، زہرہ برج حوت کے 27 درجہ سے گزرے گی۔اس دوران جو ساعتیں میسر ہونگی وہ مع رجال الغیب کے ساتھ اسی رسالہ کے مضمون "**ستاروں کی چال وظیفے کا کمال**" میں شائع کی جائینگی اگر ایک ساعت میں عمل پورا نہ ہو سکے تو دوسری میں مکمّل کر لیں یہ عمل کثرت سرور فرحت والفت و محبّت، قضائے حاجت وخیر و برکت اور کشف وکرامات کیلئے تیار کیا جاتا ہے۔اس سلسلے میں حکیم فاضل اوراعلی ابن وشیہ نے کتاب ہیاکل وتماثیل میں اور امام بونی "کتاب شمس المعارف میں اس کا ذکر کرتے ہیں کہ زہرہ کی شکل مخمس ہے۔ حروف نورانی **کھیعص** کے پانچ حرف ہیں۔

چال نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۵ | ۱۹ | ۱۳ | ۷ |
| ۱۴ | ۸ | ۲ | ۲۱ | ۲۰ |
| ۲۲ | ۱۶ | ۱۵ | ۹ | ۳ |
| ۱۰ | ۴ | ۲۳ | ۱۷ | ۱۱ |
| ۱۸ | ۱۲ | ۶ | ۵ | ۲۴ |

اس کلمہ کو شرف زہرہ کے وقت عنبر کا بخور جلا کر لوح طلاء یا نقرہ خاص میں پُر کیا جائے تانبہ وطلاء ملا کر لوح تیار کی جائے اور اس پر اس شکل کو وضع کیا جائے تو فعل عمل اثر اس کا اس کے خاصہ کے ساتھ ظاہر ہوگا پھر لوح کی دوسری طرف افق عددی کو وضع کریں گے جو فعل اور اثر اس کا طبیعت کے ساتھ ظاہر ہوگا۔عدد اس کے ۱۹۵ ہیں اسم اعظم **یَا صَادِقُ** ہے دونوں الواح حسب ذیل ہیں۔

جس وقت عمل تیار ہو جائے سفید ریشمی کپڑے میں سی لیں اور اس کو

۷۸۶

جبرائیل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ک | ھ | ی | ع | ص |
| ع | ص | ک | ھ | ی |
| ھ | ی | ع | ص | ک |
| ص | ک | ھ | ی | ع |
| ی | ع | ص | ک | ھ |

میکائیل

۷۸۶

جبرائیل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۰ | ۵ | ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ |
| ۷۰ | ۹۰ | ۳۰ | ۵ | ۱۰ |
| ۵ | ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ |
| ۹۰ | ۲۰ | ۵ | ۱۰ | ۷۰ |
| ۱۰ | ۷۰ | ۹۰ | ۲۰ | ۵ |

میکائیل

اپنے پاس رکھیں تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس لوح یا اس خاتم کو (خاتم صرف حرفی ہوگی) اپنے پاس رکھے گا تو ایسے ایسے عجائبات وغرائبات کا مشاہدہ کرے گا۔اس کی ادا کرنے سے زبان قاصر رہے گی۔

لازم ہے کہ وہ باطہارت رہا کرے اور ہر وقت عدم طہارت اور حالت جنابت میں اس کو اتار دے اور بیت الخلاء میں نہ لے جائے۔اس لئے کہ یہ قرآن کو اسمائے مخزونہ ومکنونہ ہیں کہ خلائق سے اسکے معنی وحقائق کو مخفی رکھا گیا ہے۔جب کوئی مشکل دینی یا ردنیاوی پیش آئے تو اس وقت اپنے سرہانے رکھ کر باطہارت کاملہ سورہے تو کسی مخبرؔ غیبی کے واسطے سے وہ مشکل رفع ہوگی یا خواب میں اس کا حل معلوم ہوگا۔استخراج وفائین میں بھی اسی طرح کام لے سکتے ہیں۔یہ تسخیر خلق کا بھی کام دے گی اور قضائے حاجات اور وسعت رزق ومقبول القول ہونے اور محبوب القلوب ہونے میں مدد دیگی۔اس کے حامل پر خیر وبرکت کا دور دورہ ہوگا۔وقت کی خرابی یا سیارگان کی نحوست اثر نہ کرے گی اور جو شخص اس کو بوقت خواب سرہانے رکھے اور مقصد دل میں رکھ کر سو جائے تو خواب میں کسی کو دیکھے گا جو سوال اس سے کرے گا وہ اس کا شافی جواب دے گا اگر کسی سوانے والے کے بینے پر اس کو رکھ دیا جائے تو جو کچھ اس نے عالم بیداری میں کیا ہوگا وہ سوتے میں بیان کر دے گا۔اگر کوئی شخص غائب کا حال نہ جانتا ہو کہ مردہ ہے یا زندہ۔وہ اس کو سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو صحیح خبر پائے گا۔اگر اس غائب کے علاوہ کچھ اور سوال اس سے کریں گے تو بھی صحیح جواب ملے گا۔اگر عاقبت وانجام کسی امر کا اس سے پوچھیں گے تو بھی جواب ملے گا۔اگر خزینہ ودفینہ کی حقیقت دریافت کریں تو وہ غیبی شخص عامل کو آگاہ کرے گا۔غرض اس کے فوائد بہت ہیں۔

شرف زہرہ اور تسخیرات

# تسخیرات کے خاص وظائف

تحریر
پیر صلاح الدین
(ملتان)

سیارہ زہرہ کو برج حوت کے 27 درجہ پر شرف جبکہ اوج جوزا کے 22 درجہ پر حاصل ہوتا ہے یہ اوجی قوت شرف کے بعد دوسری سعد قوت ہوتی ہے۔اس سال زہرہ کو اپریل میں 2 بار شرف جیسی سعد طاقت حاصل ہوگی۔

**پہلا شرف زہرہ :۔** 02 اپریل تا 05 اپریل ہوگا۔

**دوسرا شرف زہرہ :۔** 21 اپریل 24 اپریل ہوگا۔

**اوج زہرہ :۔** 23 جولائی تا 24 جولائی ہوگا۔

**قارئین تحفہ روحانیات نوٹ فرمائیں**

02 اپریل 2025ء کو ہونے والا شرف زہرہ کسی بھی سعد کام میں کارآمد نہ ہوگا کیونکہ یہ اس وقت اپنی اُلٹی چال (رجعت پذیر) پر ہوگا جس کی وجہ سے 02 اپریل تا 05 اپریل کے درمیان جو بھی زہرہ سے متعلق لوح یا وظیفہ تیار کیا جائیگا وہ نا کارہ ہوگا۔

حکمائے فلاسفہ کا قاعدہ یہ ہے کہ وہ حصول اثر کیلئے فاعل کو مہیا کرتے ہیں تاکہ عالم فلکی کی تاثیر سفلی میں اتاری جاسکے اور جب ایسا مادہ مہیا کرلیا جاتا ہے اور وہ سبب زمین پر ظہور صنعت خدا کا ہو جاتا ہے چنانچہ زہرہ کے ان درجوں پر فائز ہونے سے جو تاثیر پیدا ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ رجوع تعلق اور تسخیر مستورات کیلئے بہت تیزی سے کام کرتی ہے نتیجہ اس کا یہ ہوتا ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی لوگ واقف، ناواقف، بڑے چھوٹے کسی نا معلوم کشش کے باعث اس کی جانب متوجہ ہو جاتے ہیں اور پسند کرتے ہیں جوق در جوق آتے ہیں، شہرت عظمت اور مقبولیت حاصل ہوتی ہے لہٰذا اس وقت سے ان تمام لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہئے جن کا خلقت سے عام تعلق ہے مثلاً لیڈر، وکلاء، علماء، ڈاکٹر، دوکاندار اور دیگر وہ تمام پیشہ در افراد جن کا ذریعہ آمدن، عوام کی آمد سے متعلق کا ہے کاروبار اور شہرت میں اضافہ کے لئے یہ ایک موثر سبب ہے، مستورات کی رجوعیت کیلئے بھی اس وقت فائدہ اٹھانا چاہئے، یہ عمل ان لوگوں کو خاص طور پر کام آتا ہے جو ایسے کاروبار سے متعلق ہو جن کا تعلق عورتوں سے ہو، مثلاً کپڑے اور زیورات کے دکاندار، جنرل مرچنٹ، طبیب و ڈاکٹر وغیرہ۔ وہ لوگ جو کسی عورت کو تسخیر میں لانا چاہیں۔ یا بیوی ناراض ہو کر میکے جا بیٹھے ہو یا مطلوبہ جگہ شادی کی خواہش پوری نہ ہوتی ہو یا عورت اپنے خاوند کو تسخیر کرنا چاہے تو اس شرف سے اپنی مراد حاصل کی جاسکتی ہے۔

## رجوع خلق و تسخیر مستورات

اگر تسخیر خلق کی ضرورت ہو تو آیت **لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم با المومنین روف رحیم** کے اعداد لیں گے جو ۳۸۹۸ ہوتے ہیں۔ اول نام طالب مع والدہ کے اعداد نکال کر اس میں آیت کے اعداد ملائیں پھر ناموں اور آیات میں جس قدر حروف ہیں اور جس قدر نقاط ہیں ان کو بھی شامل کرلیں مجموعہ میں سے ۱۴ عدد تفریق کر کے باقی کے حروف بنا کر کلمہ **ایل** کا اضافہ کر کے موکل بنائیں۔اب نام طالب مع والدہ اور آیت کو ایک سطر میں علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھیں اور ان کی تکسیر جفری کریں طریقہ یہ ہے کہ ایک حرف بائیں سے ایک دائیں سے باری باری لیتے جائیں اور نئی سطر پیدا کرلیں۔ پھر اس نئی سطر پر یہی عمل دہرائیں اور تیسری سطر پیدا کرلیں اسی طرح بار بار یہ عمل دہراتے رہیں یہاں تک کہ پھر سطر اول آخری میں ظاہر ہو جائے گی اب عمل تکسیر ختم ہوا۔ جب سطر اول پھر ظاہر ہو جائے تو تکسیر کے پہلوئے راست کے حروف اور پہلوئے چپ کے حروف علیحدہ علیحدہ گنیں۔اگر جفت ہوں تو چار چار کے کلمے بنالیں اگر طاق ہوں تو پانچ پانچ کے کلمے بنالیں اور ہر کلمہ کے آخر میں **یوش** لگالیں۔ یہ اعوان العمل ہوں گے۔تمام تکبیر کے اعداد کا ایک نقش مخمس پر کر کے اعوان العمل چاروں طرف لکھ دیں۔ تمام تکسیر کے اعداد سے ۳۱۹ عدد خارج کر کے باقی کے حروف بنا کر کلمہ **طیش** آگے لگا دیں یہ جنات العمل پیدا ہوگا۔ نقش کے دائیں جانب طالب کی فرضی تصویر بنا کر اوپر موکل لکھ دیں دوسری جانب متعدد آدمیوں کی تصویریں بنائیں اور ان پر جنات العمل لکھ دیں۔ یہ سب تصویریں فرضی ہوں گی جو طالب اور حقوق کو ظاہر کریں گی اور دونوں کا منہ نقش کی جانب ہوگا۔ یہ دو نقش تیار کریں ایک نقش بازو پر باندھیں اور دوسرا

اپنے شہر یا قصبہ میں کسی بھی میٹھے پھل دار درخت سے باندیں یا اپنے گھر میں یا دفتر میں کوئی درخت ہواس سے باندھ دیں یا دفتر یا مکان کے اوپر چھت پر ایسی جگہ لٹکا دیں کہ ہوا سے ہلتا رہے۔

نقوش زعفران سے لکھیں یا چاندی کی لوح پر کندہ کریں اور بخور لوبان اور عود کا جلا کر نقوش کو دھونی دیں پھر استعمال میں لائیں استعمال کرنے کیلئے کوئی وقت نہیں کوئی پابندی نہیں کام ختم کر کے حسب توفیق نیاز موکلات دلائیں۔عمل کی وضاحت کیلئے ایک مثال دی جارہی ہے تا کہ اچھی طرح سمجھ میں آجائے طوالت کو مدنظر رکھ کر صرف نام دیئے جارہے ہیں لیکن آپ عمل تیار کرتے وقت نام معہ والدہ معہ آیت لیں۔

**مثال**: ۔طالب علی عداد ۲۰۲، شمار حروف ۷، شمار نقطہ صفر، میزان ۲۰۹ ہوئی۔اس میں سے ۴۱ خارج کئے تو باقی ۱۶۸ ہے۔

حروف ح س ق بنے اور موکل **حسقا** ایک ہوا۔مطلوب کی جگہ لفظ تسخیر خلق لکھیں یا تسخیر مستورات جو بھی مقصد ہو لکھیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ع | ل | ی | م | ح | م | د |
| د | ع | م | ل | ح | ی | م |
| م | د | ی | ع | ح | م | ل |
| ل | م | م | ر | ح | ی | ع |
| ع | ل | ی | م | ح | م | د |

سطر آخر پہلوئے راست کے حروف ع دم ل ہیں اور پہلوئے چپ کے حروف دم ل ع ہیں۔چونکہ یہ جفت ہیں اس لئے ان کا ایک ایک کلمہ بن گیا ان دونوں کے آگے لفظ **یوش** لگا دیا تو یہ عد **طبوش** اور **ملعوش** بنے یہ دو اعوان نکل جائے۔اب تمام تکسیر کے اعداد لئے جو ۸۰۸ ہیں۔ان میں سے ۳۱۹ خارج کئے تو ۴۸۹ باقی رہے حروف ان کے ط ف ت بنے۔انکے آگے طیش لگانے سے **طنقطیش** اب ۸۰۸ کا نقش سمشی پر کیا۔جس کا طریقہ ہے کہ کل اعداد سے ۶۰ عدد تفریق کر کے باقی کو ۵ پر تقسیم کریں۔خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر نقش کو پُر کریں اگر تقسیم کرنے سے باقی ایک رہے تو خانہ ۲۱ میں ایک کا اضافہ کریں۔

چال نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۲۰ | ۷ | ۲۴ | ۱۱ |
| ۱۶ | ۸ | ۲۵ | ۱۳ | ۴ |
| ۹ | ۲۱ | ۱۳ | ۵ | ۱۷ |
| ۲۲ | ۱۴ | ۱ | ۱۸ | ۱۰ |
| ۱۵ | ۲ | ۱۹ | ۶ | ۲۳ |

اگر باقی دو رہیں تو خانہ ۱۶ میں ایک کا اضافہ کریں اگر ۳ باقی رہیں تو خانہ ۱۱ میں اور چار باقی بچیں تو خانہ ۶ میں ایک کا اضافہ کر دیں نقش پر ہو جائے گا۔نقش کا چال کے مطابق پر کریں۔

مثال:۔ ۸۰۸ میں سے ۴۸ ۷ باقی بچے، ۵ پر تقسیم کیا تو ۱۴۹ خارج قسمت رہے باقی ۳ بچے۔اس باقی کیلئے خانہ ۱۱ میں ایک کا اضافہ کریں گے تا کہ میزان چاروں طرف سے ۸۰۸ آئے اب مکمّل نقش معہ عزیمت یہ ہوا۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۵۱ | ۱۶۹ | ۱۵۵ | ۱۷۳ | ۱۶۰ |
| ۱۶۵ | ۱۵۶ | ۱۷۴ | ۱۶۱ | ۱۵۲ |
| ۱۵۷ | ۱۷۰ | ۱۶۲ | ۱۵۳ | ۱۶۶ |
| ۱۷۱ | ۱۶۳ | ۱۴۹ | ۱۶۷ | ۱۵۸ |
| ۱۶۴ | ۱۵۰ | ۱۶۸ | ۱۵۴ | ۱۷۲ |

**بسم اللہ الرحمن الرحیم اقسمت علیکم یا ایہا الارواح العلویات والثقلیات یا حسقائیل یا عد ملیوش یا د ملعبوش بحق یا طفتطیش**

فلاں بن فلاں کیلئے جملہ مخلوق کو تسخیر کرو اور میری طرف رجوع کرو العجل السّلاعتہ الواحا۔تسخیر محلوق کرنے والے کیلئے لازم ہے کہ بعد نماز صبح یا بعد طلوع آفتاب کھڑے ہو کر تین بار یہ عزیمت پڑھا کرے جب تک کہ مرضی کے مطابق مطلب حاصل نہ جہاں لفظ فلاں بن فلاں ہے۔وہاں صرف میرے کا لفظ کہا کرے۔

**نوٹ**: ۔مقصد اگر تسخیر خلق ہے تو نقش کے بائیں جانب چند آدمی اگر مقصد تسخیر مستورات ہو تو چند عورتیں دکھائیں۔

## تسخیر مطلوب

درج بالا عمل دیا گیا ہے وہ عمل کسی ہستی کی تسخیر کیلئے کرنا پڑے گا لیکن اس میں جو تبدیلیاں واقع ہونگی وہ یہ ہیں۔آیت۔ **یحبونہم کحب اللہ والذین امنو اشد حب اللہ** کے اعداد ۱۴۹۲ ہیں۔تکسیر کیلئے اول نام طالب معہ والدہ پھر آیت پھر نام مطلوب معہ والدہ لکھیں اور تکسیر کریں اور اس سطر کے اعداد حروف اور نقاط کی جمع سے ۴۱ عدد کم کریں اور لفظ **ایل** لگا کر موکل حاصل کریں۔

اعوان العمل اور جنات العمل مندرجہ ذیل بالا طریقہ سے حاصل کریں۔ نقش کے بائیں جانب مطلوب کی تصویر بنائیں اور دائیں جانب طالب کی تصویر بنائیں اگر طالب عورت ہے دائیں جانب سے اس کی تصویر بنے گی اور بائیں جانب مطلوب کی تصویر بنے گی۔ اگر طالب و مطلوب دونوں عورتیں ہوتو دونوں جانب تصویر عورت کی ہوگی جن کا منہ نقش کی طرف ہوگا اور نقش کو اشارہ کر رہی ہوں گی۔ مطلوب کی تسخیر کے 9 نقش تیار ہوں گے۔ ایک نقش طالب اپنے پاس رکھے گا ایک مطلوب کے مکان میں یا گزر گاہ میں دفن ہوگا اور باقی سات کے فتیلے بنا کر محفوظ رکھ لیں۔ فتیلہ بناتے وقت بائیں جانب کے خانہ بالا سے لپیٹیں اور سیدھے ہاتھ کے خانہ اول کی طرف سے آگ لگائیں۔ جب شام ہوتو نماز مغرب پڑھ لیں پھر عشاء کی نماز بھی جلدی پڑھ لیں اور نیا مٹی کا چراغ لے کر اس میں روغن چنبیلی یا روغن زردو شہد ملا کر ایک بھی جلائیں بتی کے اوپر صاف روئی لپیٹ لیں۔ چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف کریں اور نقش کے نیچے لکھی جانے والی عزیمت کو مطلوب معہ والدہ کے اعداد کے مطابق چراغ کے سامنے بیٹھ کر پڑھیں تصور حاضری کا رکھیں اگر تعداد پڑھنے کی ختم ہو جائے اور فتیلہ باقی ہوتو بھی بقیہ فتیلہ ضرور جلانا ہے اگر مطلوب نزدیک ہے تو ایک ہی فتیلہ کافی ہے کام ہو جائے گا اگر کسی دوسرے شہر میں ہے تو ہر روز رات کو فتیلہ جلا کر عمل کرنا ہوگا۔ جب حاضری ہو جائے تو عمل بند کر دیں سات رات سے زیادہ وقت نہ لگے گا اگر کوئی شخص دوران عمل آ کر ٹوکے تو نہ بولیں گوشت نہ کھائیں اگر کوئی آ کر عمل سے روکے تو اس کا کہنا نہ مانیں اگر مطلوب کے علاوہ کوئی اور حاضر ہوتو اس کی طرف توجہ نہ دیں اس عمل کے موکل عامل کے عمل کو ناکام کیلئے رکاوٹیں ڈالیں گے اپنے کام سے غرض رکھیں بتیاں روزانہ ایک ہی وقت پر جلائیں اور کمرہ میں تنہائی ہو۔ عزیمت اس کی یوں ہوگی کہ موکلات اعوان واسمائے حسنی کے بعد جہاں مطلب لکھنا ہے وہاں یوں لکھیں۔ محمد کو علی کی محبّت میں بے قرار و بے آرام کر کے حاضر کرو حاضر کرو **الـحـجـل الساعته الوحا**۔

نام طالب و مطلوب معہ والدہ (محمد و علی کی جگہ) اور اگر طالب خود پڑھے تو میری محبّت میں فلاں کو بے قرار و بے آرام کر کے حاضر کرو پڑھے۔ میری مصروفیت زیادہ ہوتی ہے اس لئے جو لوگ شرف زہرہ کی الواح تیار کروانا چاہیں۔ میری رائے ہے کہ مکتبہ روحانیات (ملتان) ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کریں تا کہ ایسا نایاب وقت تجربات میں ضائع نہ ہو سکے کیونکہ ایسا خاص وقت دوبارہ میسر ہو یا نہ ہو۔

# لوبان ہرمل بھگائے مکھی، مچھر اور کھٹمل

تحریر:۔ راجہ ذیشان علی (میرپور آزاد کشمیر)

گرمی کی آمد ہے بلکہ کئی شہروں میں تو بھرپور طریقہ سے گرمی شروع ہو چکی ہے۔ 20 مارچ جب اس موضوع پر لکھ رہا ہوں تو ہمارے کشمیر میں ابھی ٹھنڈک ہے۔ اہلیاں کراچی کھٹملوں سے تنگ ہیں۔ اہلیان پنجاب مچھروں کے ستائے ہوئے ہیں خاص کر ڈینگی۔ اہلیان کے پی کے مکھی جیسی مخلوق سے تنگ آئے ہوئے ہیں۔ گویا کہ پورا پاکستان کھٹمل، مکھی اور مچھر سے تنگ ہے گزشتہ دنوں ٹی وی پر ایک ٹاک شو دیکھ رہا تھا۔ مہمان سیاست دان مکھی سے بہت تنگ تھے کیونکہ ٹاک شو کی براہ راست نشریات تھیں دیکھا گیا کہ وہ مکھی کبھی اُن صاحب کے قیمتی سرخ سپید گال کو بوسہ دیتی وہ اُسے وہاں سے اُڑاتے تو کبھی ماتھے پیشانی کو چوم جاتی۔ کافی دیر تک یہ موصوفہ اسی طرح تنگ کرتی رہی میں نے سوچا بالکل یہی حال آپکا اور ہمارا ہے یعنی ہمارے پاکستان کے سیاست دان کو کچھ دیر کیلئے مکھی تصور کر لیا جائے کہیں نہ کہیں سے گھوم پھر کر ہمارے چہرے پر آ بیٹھتے ہیں خیر جانے دیں۔

بہر حال کھٹمل، مکھی اور مچھر سے نجات کیلئے گوگل اور ہرمل اپنے گھروں میں بہت زیادہ مقدار میں کوئلوں پر سلگائیں کہ کثیر طور پر دھواں کمرہ میں بھر جائے۔ گرمی کے آغاز، درمیان اور آخر میں اگر اسی طرح سے کر لیا جائے کہ گھر کے ہر کمرہ میں گوگل، حرمل و لوبان کا دھواں بھر کر اس کمرہ کو 2 یا 3 گھنٹے کیلئے بند کر کے چھوڑ دیا جائے تو آپ کی گرمیاں بہت پُرسکون گزریں گی۔ جن گھروں میں دیمک لگ جاتی ہو ان شاء اللہ اس ترکیبسے دوبارہ اُن گھروں میں دیمک نہ لگے گی۔ گوگل، ہرمل اور لوبان میں خاص روحانی طاقت بھی پائی جاتی ہے اس کی زیاد مقدار میں دھونی دینے سے کئی ہفتوں تک خوشبو کا احساس رہتا ہے۔ نحوست' جادو اور نظر بد بھی ختم ہو جاتی ہے۔ ایک بار مجھے راولپنڈی جانے کا اتفاق ہوا دوست کی ایک بڑی سی الیکٹرانکس کی دوکان تھی۔ صبح 11 یا 12 بجے کا وقت تھا کہ ایک ملنگ سر پر رنگ برنگی ٹوپی رکھ کر کاندھے پر کپڑے کی زنبیل لٹکائے بائیں ہاتھ میں لکڑی کی ایک تختی پر سلور کے تین برتن فِٹ کیئے دھواں دھار سا دوکان میں داخل ہوا۔ اُس نے دوکان میں داخل ہوتے ہی گوگل، لوبان اور ہرمل ان برتنوں میں ڈالا جن میں پہلے ہی کوئلے دہک رہے تھے مجھے یہ دیکھ کر بہت اچھا لگا کہ یہ مفت کی روحانی سروس ہے برکتوں اور رحمتوں کے ساتھ رزق میں اضافہ ہو جاتا ہے اور بیماریوں سے نجات الگ مل جاتی ہے۔ جس کے عوض دوکاندار نے اُس ملنگ کو صرف 10 روپے کا نوٹ تھمایا اور وہ ملنگ بھی خوشی خوشی دعائیں حق اللہ حق اللہ کی صدائیں لگاتا باہر چلا گیا۔

# شرف زہرہ

محترم دوستو شرف زہرہ جو کہ اس ماہ 21 اپریل تا 24 اپریل قائم ہو رہا ہے۔ جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ زہرہ تسخیر خلق اور بالخصوص تسخیر زن کا سیارہ مانا جاتا ہے اسی نسبت سے شرف زہرہ کیلئے ایک خاص وظیفہ ارسال کر رہا ہوں یقیناً پسند آئیگا۔ اس وظیفہ سے فوری اثر ظاہر ہوتا ہے یہ خاص وظیفہ عین شرف زہرہ یا اوج زہرہ یا شرف قمر یا زہرہ قمر تثلیث و تسدیس میں کیا جائے تو اثرات فوری ظاہر ہوتے ہیں۔ میرے وہ دوست جو کہ نجوم کی باریکیوں کو نہیں جانتے۔ نئے چاند کے پہلے جمعہ کو یہ وظیفہ کر سکتے ہیں۔ صرف شرعی معاملات میں مثلاً بیوی نافرمان ہو یا وہ عورت جو کہ اپنے شوہر کو چھوڑ کر جا چکی ہو ان حالات میں یہ وظیفہ پر تاثیر ہوگا ورنہ اللہ کے حضور جواب طلبی ہوگی ذیل کی عزیمت کو ہرن کی جھلی پر لکھ لیں ایلومینیم یا تانبہ کے چھوٹے برتن میں پانی ڈال کر یہ عزیمت ڈال دیں آگ پر اسکو جوش دیں اور 14 مرتبہ اس عزیمت کا ورد کریں۔ اس پانی کو مطلوب کے گھر کے دروازے پر چھڑک دیں یا راستہ میں چھڑکیں تو خیال رکھیں کہ پاک صاف جگہ ہو جہاں بے حرمتی نہ ہو۔ بخور لوبان ذکر ،میعہ ' سائلہ (سلارس) اور پھر حیران کُن نتائج دیکھیں یہ وظیفہ شیخ تیجانی کے ذخائر سے ہے۔ شیخ فرماتے ہیں کے طالب اپنے اس وظیفہ سے اللہ کے عذاب سے ڈرتے رہنا۔

بِسْمِ اللهِ أَطْلَقْتُ النَّارَ وَطَرَحْتُ بُخُوْرَ الْعُمَّارِ وَتَكَلَّمْتُ بِأَسْمَاءِ الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ الَّتِيْ تُزَلْزِلُ الْجِبَالَ وَتَنْشَقُّ الْبِحَارَ وَتَحْرُقُ الْعُصَاةَ وَالْعُمَّارِ :اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَيُّتُهَا الْمَلَائِكَةُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ بِأَعْضَاءِ (نام مطلوب معہ والدہ) مِنْ رَأْسِهَا إِلٰى قَدَمَيْهَا وَالْجَارِيُوْنَ فِيْ دَمِهَا وَلَحْمِهَا وَعُرُوْقِهَا وَمَفَاصِلِهَا أَنْ تَجْلُبُوْا وَتُهَيِّجُوْهَا وَأَزْعَجُوْهَا وَ إِحْرِقُوْا قَلْبَهَا بِمَحَبَّةِ (نام طالب معہ والدہ) حَتّٰى تَأْتِيَ إِلٰى (نام طالب معہ والدہ) وَلَا تَأْكُلُ وَلَا تَشْرَبُ وَلَا تَنَامُ وَلَا يَقِرُّ لَهَا قَرَارٌ لَا فِيْ لَيْلٍ وَلَا فِيْ نَهَارٍ بِحَقِّ شَاهٍ يَاهٍ تَاهٍ أَصْبَاؤُتَ هَيُوْتِ هَيْهُوْتِ اَبَرْمُوْتِ بَرْهَيُوْنِ تین مرتبہ ذٰلِكَ فِيْ أَنَّهَا إِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَإِحْتَرَقَتْ إِحْتَرِقْ قَلْبَ (نام مطلوب معہ والدہ) بِمَحَبَّةِ (نام طالب معہ والدہ) بِسَبْعِ قُدُوْرٍ مَلَقَةَ عَلٰى بَابِ الْجَمْهُوْرِ وَهِيَ تَغْلِيْ وَتَفُوْرُ فِيْ قَلْبِهَا فَلَا تَبْرُدُ وَلَا تَهْمَدُ عَنْهَا لَا فِيْ الْعِشَاءِ وَلَا فِيْ الْبُكُوْرِ سِوٰى نَارٌ عَلٰى نَارٍ تَهُبُّ فِيْ صَدْرِهَا وَتَنُوْرُ حَتّٰى تَجُرُّهُ وَرَاهُ وَتَدُوْرُ وَتَبْكِيْ وَتَمُوْرُ وَسَتُوْرُ يَا سُكَّانَ هٰذَا الْمَكَانِ الْمَعْمُوْرِ الْحُضُوْرُ نَشَفَتِ الْبُحُوْرُ وَسَقَطَتِ الطُّيُوْرُ وَتَزَلْزَلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَالصُّخُوْرُ وَتَحَرَّكَتِ الْمَوْتٰى مِنَ الْقُبُوْرِ حَرِّكُوا قَلْبَ (نام مطلوب معہ والدہ) فِيْ مُحَبَّةِ (نام طالب معہ والدہ) بِنَارِ السِّحْرِ وَضِيِّقِ الصُّدُوْرَ فَسَحَبَتْ مِنَ الشُّعُوْرِ وَتَعَلَّقَتْ بِكَلَالِيْبِ الْمَحَبَّةِ وَهَيْجَانِ الْعِشْقِ وَطَيْرَانِ الْعَقْلِ بِالْوَيْلِ وَالثُّبُوْرِ إِنْ سَمِعَتْ ذِكْرَهُ هَاجَتْ وَ إِنْ بَعُدَ عَنْهَا هَامَتْ وَ إِنْ كَلَّمَهَا هَاجَتْ بِالْفَرْحِ وَالسُّرُوْرِ فَلَا يَنْفَكُّ عَنْهَا هٰذَا الْعَمَلُ حَتّٰى يَنْفَخَ إِسْرَافِيْلُ فِيْ السُّوْرِ وَتَقُوْمُ الْمَوْتٰى مِنَ الْقُبُوْرِ وَ إِنْ رَبَّكَ لَغَفُوْرٌ شَكُوْر إِسْرَعُوْا يَا خُدَّامَ هٰذِهِ الْعَزِيْمَةِ بِحَقِّ كَفُوْقٍ بِمَغُوْقٍ عَطُوْفٍ خَطُوْفٍ بَغٍ سَنَدَ سَتَادِيْمٍ هَاهِيَ أَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا مَذْلَاسٍ يَا اِبْنُ مَيْمُوْنِ الْغَطَاسِ تَوَكَّلْ (نام مطلوب معہ والدہ) وَ إِمْسِكْهَا مِنَ الْقَدَمِ إِلَى الرَّاسِ وَطَيِّرْ مِنْهَا النُّعَاسَ وَحَرِّكْ قَلْبَهَا وَطَبْعاً بِالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِى يُوَسْوِسُ فِى صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ هَاهِيَ هَاجَتْ وَمَاجَتْ وَمِنْ عَوَابِلِ السِّحْرِ هَامَتْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

# سیف سلطانی

تحریر: پیر سید جلین حیدر شاہ گیلانی (تجرہ شاہ مقیم)

**تسخیر خُلق کا نایاب تحفہ** :۔ یہ عمل ہمارا ذاتی تجربہ ہے اس کو بمعہ نماز فجر اس عمل کو 41 مرتبہ پڑھیں تو 41 دن پڑھیں۔ پرہیز جلالی جمالی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ان شاء اللہ چند دنوں میں دکان پر گاہک خوب آئینگے۔ ڈاکٹر حضرات اس عمل کو نہ کریں اُن کیلئے ٹھیک نہیں ہے۔ اس کے علاوہ ہر کاروباری آدمی اس کو پڑھ سکتا ہے۔ 41 دن کرنے کے بعد پھر روزانہ 11 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ تسخیر جاری ہو جائیگی۔

دوسرا طریقہ سید محمد حسن صاحب کا ہے۔ اُن کا طریقہ یہ ہے کہ آدھی رات کو اٹھ کر غسل کر کے تہجّد ادا کریں پھر اسکا ورد تین سو مرتبہ کریں۔ خوشبو لگائیں پرہیز جلالی مکمّل رکھیں۔ یہ طریقہ بھی 41 دن کرنا ہے اور پہلے والے طریقہ سے زیادہ پائیدار ہے۔ اس میں موکلات بھی حاضر ہو جاتے ہیں اور انسان کی استطاعت کے مطابق کام کرتے ہیں۔ تعویذات وغیرہ والے کیلئے بہت مجرب ہے۔ بندہ ناچیز نے دونوں پر عمل کر کے آزمائش کی تھی اور کامیاب رہا تھا اور بسم اللہ شریف ہر مرتبہ ساتھ پڑھنی ہے۔ وظیفہ یہ ہے:۔

**بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم اللھم صلی علی محمّدٍ وّآل سیدنا و مولانا محمد بعداد کلماتك والطافك وَبارك وَسلم حرز کردم لا الہ الا اللّٰہ حصار کر دم محمد رسول اللّٰہ یا جبرئیل یا میکائیل یا افتمائیل یا تنکافیل اُحضِرُ قَلبِ المَخلُوقَاتِ لِلمُسَخَرَاتِ وَالفُتُوحاتِ وَالحَاجَاتِ لِیُ بحقِ یَابَدوح۔**

**عرش فرش کی کنجیاں**:۔ اگر کوئی چاہے کہ مجھ کو عرش و فرش کے خزانے مل جائیں تو اُس آدمی کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اس عمل کو پانچ سو مرتبہ پڑھا کرے۔ حضور اکرمؐ کا ارشاد مبارک ہے کہ اگر کوئی چاہے کہ مجھ کو عرش فرش کی کنجیاں مل جائیں تو اس عمل کا وظیفہ رکھا کرے تو اس کو باطنی خزانے ہو جائینگے۔ مگر ان کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کھولنا اور بند کرنا نہیں چاہیے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر خرچ کرنا بھی ناجائز ہوگا۔

**لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکبَرُ وَسُبحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمدِہٖ وَاَستَغفِرُ اللّٰہَ وَ لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ وَھُوَ الاَوَّلُ وَلَآ خِرُ وَالظَّاہِرُ البَاطِنُ بِیَدِہِ الخَیرُ یُحیِی وَیُمِیتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرُ۔**

**قیدی کی رہائی کا طریقہ** :۔ اگر کوئی آدمی حق پر ناحق قید ہو گیا ہو یا سزائے موت کا حکم ہو گیا ہو یا اپنے گناہوں کی وجہ سے قید ہو گیا ہو یا کسی نے ناجائز طور پر قید کر رکھا ہو تو اس کو چاہیے کہ نماز تہجّد ادا کرے۔ پھر بعد میں 63 مرتبہ درود پاک ابراہیمی پڑھ کر 63 مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

**یَاعَلِیمُ یَاحَکِیمُ یَاعَلِّی یَاعَظِیمُ۔**

پھر سورۃ فاتحہ 10 بار پڑھے قیدی کی رہائی کیلئے دُعا کریں یا قیدی خود پڑھے اس طرح ہر نماز کے بعد پڑھے۔ ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں رہائی نصیب ہو گی۔ یہ عمل میرا اور میرے استاد محمد حسین عرف بندو خان کا تجربہ شدہ ہے۔ آزمائش شرط ہے۔ ان شاء اللہ زنجیروں کے ساتھ باندھے ہوئے بھی رہائی پاتے ہیں۔

**سیف سلطانی** :۔ پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ سیف سلطانی کا چلہ مکمّل کرے اور عشاء کی نماز کے بعد ہر روز گیارہ سو مرتبہ پڑھتا رہا کرے۔ چلہ پورا ہونے پر کچھ خیرات کرے پھر ہر روز ایک سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھتا رہا کرے ان شاء اللہ جو ارادہ کرے گا پورا ہوگا۔ آپ ابھی کام کے بارے میں سوچ ہی رہے ہونگے کہ باطنی طور پر کوئی آکر آپ کا کام کر جائیگا۔ آپ کو معلوم اس وقت ہوگا جب آپ کا مقصد پورا ہو جائیگا۔ آپ کی زبان سیف ہو جائیگی مگر ناجائز طور پر اگر آپ کرینگے تو خود ذمہ دار ہونگے۔ اجازت لازمی ہے۔ سیف سلطانی یہ ہے:۔

**شاہ مرداں شیر یزداں پروردگار**<br>
**لافتاح الاعلی لا سیف الا ذوالفقار**<br>
**شاہ مرداں شیر یزداں صاحب دُلدل سوار**<br>
**پربلائے دور باشد ایں بوخند ہفت بار**<br>
**شاہ ماہ سلطان عالم سید احمد کبیر**<br>
**خاطر ماں جاما کو نارا**<br>
**یاغوث الاعظم دستگیر**

# شرف شمس طلسماتی گھڑی

تحریر:۔ شہزادہ رضوان حسین شاہ (ملتان)

قارئین تحفہ روحانیات شرف شمس کے اس خاص موقع پر دو صفاتی وظائف کا عظیم تحفہ پیش کر رہا ہوں اُمید ہے قارئین تحفہ روحانیات کو پسند آئینگے ان تحائف میں کسی بھی قسم کا کوئی شک وشبہ نہ ہے کیونکہ یہ دونوں وظائف ذاتی اور کئی بار کے آزمائے ہوئے ہیں۔

شرفِ شمس (Shams-e-Sharaf) نجومیات اور روحانی علوم کا ایک نایاب موقع ہے جب شمس اپنی عظمت کی بلندی پر ہوتا ہے۔ یہ واقعہ سال میں صرف ایک بار اپریل میں پیش آتا ہے، یہ موقع اس سال 07 اپریل بروز سوموار 18:58 تا 08 اپریل 19:23 درجہ شرف سے گزریگا۔ جب شمس چلتے چلتے برج حمل کے انیسویں درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی طاقت ملتی ہے۔ اس وقت میں شمس کی شعاعیں زمین پر انتہائی طاقتور اور مثبت اثرات چھوڑتی ہیں۔ قدیم علماء اور روحانی اسکالرز نے اس موقع کو "**طلسماتی گھڑی**" قرار دیا ہے، جہاں مخصوص وظائف اور الواح کے ذریعے انسان اپنی تقدیر کو چمکا سکتا ہے۔ نجوم اور عملیات کے مطابق، یہاں دو ایسے صفاتی وظائف پیش کر رہا ہوں جو آپ کو عزت، مال اور دولت کی بارش کروادیں گے۔

## سورج کی طلسماتی طاقت سے مال و دولت کا حصول

شرف شمس کے موقع پر شمس کی روشنی میں ''زرِ کائنات'' (Cosmic Gold) کی خاصیت ہوتی ہے، جو دولت کو اپنے ساتھ کھینچتی ہے۔

شرف شمس کے خاص موقع پر اگر ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھنا ہو تو سونے کی سیاہی یا زعفران کا گاڑھا محلول استعمال کریں اگر دھات پر لکھنا ہو تو سونے یا تانبے کی 2X2 کی ایک تختی تیار کریں۔

عمل شروع کرنے سے پہلے پاکیزگی اختیار کریں (وضو یا غسل)۔

سرخ کاغذ، ہرن کی جھلی یا سونے کی تختی پر ''**یا غنی یا مغنی**'' 111 بار لکھیں اور اس کی پشت پر طلسم شمس لازمی بنائیں۔ لکھتے وقت رجال الغیب کا خاص خیال رکھیں اور ذہن میں اپنی مالی خواہشات کو مجسّم کریں۔

کاغذ یا ہرن کی جھلی کو سونے کی پنی میں لپیٹ کر اپنی تجوری یا پرس میں رکھیں۔

روزانہ کا وظیفہ:۔ **السلام علیکم یا شمس یا کلینائیلُ یا طغشیبُ** 7 بار سلام پیش کریں اور سورہ الشّمس پڑھیں۔

ان شاء اللہ 40 دنوں کے اندر آپ کو غیر متوقع ذرائع سے دولت کی رسائی ہوگی، جیسے کوئی پرانا قرض واپس ملنا یا نیا کاروباری موقع۔

## عزت و وقار، شمس کی آتشین طاقت

**وجہ تاثیر:**۔ شرف شمس کے دوران سورج کی شعاعیں انسان کے سیاہ بادلوں کو ختم کر کے اسے معاشرے میں بلند مقام عطا کرتی ہیں۔

سفید کاغذ یا سونے یا تانبہ کی تختی پر لکھیں۔ بخورات میں گلاب کی پتیاں پاس رکھیں اور عود کی لکڑی سلگائیں اگر کاغذ پر لکھنا مقصود ہو تو مشک کی سیاہی استعمال کریں ''**یا نور یا ہادی**'' 313 بار لکھیں۔

لکھے ہوئے کاغذ کو گلاب کی پتیوں میں لپیٹ کر کسی بلند مقام (جیسے الماری یا دفتر کی میز) پر رکھ دیں۔

کسی بھی اتوار یا روزانہ صبح 7 بار۔ درود شریف پڑھیں اور سورج کی طرف منہ کر کے کہیں۔ اے خالق کائنات! میرے نام کو عزت والا بنا دے جس طرح تو نے پوری کائنات کو سورج کی روشنی چمکایا ہے۔

ان شاء اللہ 11 دنوں میں آپ کی شخصیت میں جادوئی کشش پیدا ہوگی، لوگ آپ کی بات ماننے لگیں گے، اور دشمن بھی آپ کا احترام کریں گے۔

کیوں یہ وظائف حیرت انگیز ہیں؟

**نمبر 1:**۔ کائناتی ہم آہنگی: ** یہ لوح شرف شمس کی فزیکل اور سپرٹوئل انرجی کو یکجا کرتے ہیں، جس سے نتیجہ 100 گنا تیز ہوتا ہے۔

**نمبر 2:**۔ ابن سینا اور حکیم ترمذی جیسے علماء نے شمس کی طاقت کو "مادی خزانوں کا دروازہ" قرار دیا ہے۔

**نمبر 3:**۔ جدید سائنس بھی مانتی ہے کہ اپریل میں سورج کی UV شعاعیں زمین کے مقناطیسی میدان کو تبدیل کرتی ہیں، جو انسانی ذہن پر گہرا اثر ڈالتی ہیں۔

ان وظائف کی کامیابی کا راز ''**یقین**'' اور ''**تکرار**'' میں پوشیدہ ہے۔ شرف شمس کا موقع سال بھر کی منصوبہ بندی کا تقاضا کرتا ہے، اسے ضائع نہ کریں۔

جس نے بھی اس مضمون کو پڑھا، وہ اس کے اثرات سے انکار نہیں کر پائے گا، کیونکہ یہ صرف الفاظ نہیں بلکہ "مال و دولت حاصل نے کا نایاب موقع ہے" ہے جو ہر چیز کو روشن کر دیتی ہے!

# دشمن زیر ہو

تحریر:۔ بابا رحمانی (فیصل آباد)

محترم قارئین کرام جیسا کہ آپ کو معلوم ہے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میرا پسندیدہ ماہ نامہ ہے یہ ہمیشہ مجھے ہر دل عزیز رہا ہے کیونکہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے میرا روحانی پیار بھرا رشتہ ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی محبّت کو دیکھتے ہوئے میں صرف اور صرف روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں اپنے مضامین شائع کرواتا ہوں دیگر کسی رسالہ میں آپ کو میرے مضامین نہیں ملیں گے۔ یاد رکھیں روحانیت میں ایک صنف مندرے کی بھی ہے یہ مندرے میں نے بہت محنت اور مشقّت سے جمع کیے ہیں۔ آپکی دعاؤں سے الحمدللہ میرے پاس مندروں کا ایک بہت بڑا خزانہ ہے اسی خزانے میں سے ایک موتی آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

روحانی اساتذہ کی خدمت مشقّت مالی طور پر کی تو جا کر یہ گوہر ملے۔ اج کی محفل میں ایک مندرہ ان دوستوں کی نظر جو کہ دشمنوں سے ہمیشہ خائف رہتے ہیں ڈرے رہتے ہیں۔ دشمن ہمیشہ ان کو اپنے انتقام اور بربریت کا نشانہ بناتا ہے۔ اس مندرے کی طاقت یہ ہے کہ دشمن اب آپ سے خوف زدہ رہنا شروع ہو جائے گا اگر اپ یہ مندرہ پڑھتے رہیں گے تو دشمن کے پسینے چھوٹ جائیں گے۔

اس مندر کو کرنے کیلئے کم از کم 21 دن تک 41 بار روزانہ پڑھنا ہوگا وقت اور جگہ کا انتخاب ایک کریں اب اس کے بعد آپ کو جب بھی ضرورت ہو یہ مندرہ صرف اور صرف 21 بار پڑھیں اور پھر اس کا کمال دیکھیں۔ یاد رہے کہ جب پڑھنے بیٹھے تو کچی مٹی کی آٹھ اینٹیں جمع کر کے ایک چبوترا نشست بنا لیں جب بھی پڑھنا ہو اسی پر ہی بیٹھ کر پڑھیں اگر بخور کے طور پر پیاز اور لہسن کے چھلکے جلائے جائیں تو اس کی تاثیر میں بہت ہی اضافہ ہو جائیگا۔

جب اپنی پڑھائی مکمّل کر لیں روزانہ کی بنیاد پر اس پر چادر یا کوئی کپڑا ڈال دیا کریں۔ اس چبوترا کو کھلا نا چھوڑیں۔ پڑھتے وقت منہ میں نیم کے پتے رکھیں تو اسکے اثرات فوری ظاہر ہونگے نوچندہ منگل کو اس وظیفہ کی ابتدا کر سکتے ہیں۔

جو مندرہ پڑھا جائیگا اسکی عبارت کو صحت لفظ اور تلفّظ کیساتھ درست انداز سے ادا کریں کہیں کوئی کمی پیشی نہ آئے۔ کامیابی کے بعد میرے اور ادارہ کیلئے ضرور دعا کریں کہ اللہ تعالی ادارہ روحانیات کو اسی طرح قائم ودائم رکھے دشمنوں کے نظر بد اور حسد سے محفوظ رکھے دوستوں سے التماس ہے کہ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کی سالانہ ممبر شپ بھی ضرور حاصل کریں۔

## مندرہ (سورۃ الکوثر)

**إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ**

علی دا نور حسن دی، شان حسین دی قربانی دا فرمان

ساڈی جھولی وچ رحمتاں دی، بارش، ساڈے مقدر وچ خیراتاں دی وارش

ساڈے حق وچ دولت بے شمار ساڈے دشمنواں دے مقدر وچ بار

**فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ**

نماز دا نور قربانی دا زور فاطمہ دی چادر دا ہے حصار بر دشمن بووی زوال،

ساڈے نصیب وچ ہووے کمال ساڈے ہتھ وچ کامیابی دی، طنوار ساڈی

راہواں وچ ہووے بہار!

**إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ**

دشمن ساڈے بجھن چراغ، ساڈی قسمت وچ روشن آفاق

ساڈے مخالفواں نوں لگے، شکست، ساڈے ناں نوں ہووے عزت

بر در کھلے ہر راہ بنے ہر وسیلہ ہووے کامیابی دی چھنکار

## حالت قمر

**قمر در عقرب:** 13 اپریل 18:53 تا 26 اپریل 07:37

**ھبوط قمر:** 13 اپریل 22:58 تا 14 اپریل 01:00

**قمر درِ ثور:** 27 اپریل 12:16 تا 29 اپریل 11:34

**شرف قمر:** 27 اپریل 15:26 تا 17:00

## شادی بیاہ کی تاریخیں

1.2.3.8.9.18.19.23.24.29.30

سید نیوز ایجنسی ،مین چوک دینہ 0300-9528023
ادارہ روحانیات

# آسان عملیات

تحریر
ایس اے شہزاد
پشاور

السّلام علیکم ! پیارے دوستوں تحفہ روحانیات شمارہ اپریل 2025ء کیلئے چند آسان اعمال کے ساتھ آپکی خدمت میں حاضر ہوں۔ میرے ارسال کردہ آسان وظائف اوراد کی برکت سے اگر کسی ایک شخص کا بھی بھلا ہوجائے یعنی ایک شخص بھی ان سے فیض پالے تو میری نظر میں میرا مقصد پورا ہوجاتا ہے۔ تحفہ روحانیات پاکستان اور دیگر ممالک میں پڑھا جانے والا ایک معیاری روحانی جریدہ ہے یقیناً لاتعداد دوست روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات سے فیض حاصل کرتے ہیں اور آسان اعمال سے فائدہ اُٹھاتے ہیں پیچیدہ باتوں اور مشکل ترین اعمال روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شائع کرنے سے حتی الامکاں گریز کیا جاتا ہے۔ اپنے موضوع کی طرف چلتے ہیں۔

## حصول دولت مالا مال ہوں

غربت اور مفلسی مارے لوگوں کیلئے یہ ایک خاص تحفہ ہے قرض کی ادائیگی ہوتی ہے خلوص دل سے ذیل کا وظیفہ کریں اگر کسی کو مالدار ہونا ہو تو 13 دن تک 313 بار آیت الکرسی پڑھے اس کے پڑھنے سے آپ غنی ہوجائیں گے۔

## بے روزگاری نہ رہے گی

بے روزگار افراد کیلئے یہ وظیفہ ایک خاص تحفہ ہے ان شاء اللہ اس وظیفہ کی برکت سے چند دنوں میں روزگار مل جاتا ہے۔ اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ کر 308 بار یا رزاق پڑھا کریں متواتر 7 جمعرات اسی طرح پڑھنے سے روزگار میں بے انتہا اضافہ ہوجائیگا۔

## ظالم کے شر سے حفاظت

ظالم افسر یا ظالم مالکان کے شر سے حفاظت کیلئے اس وظیفہ کو کریں ان شاء اللہ ظالم اپنا ظلم چھوڑ دیگا اور ہمیشہ نرمی سے پیش آیگا سرکاری ملازمین کے لئے نایاب تحفہ ہے جو کہ اکثر و بیشتر سرکاری اداروں کے ادسران اپنے ماتحتوں پر ظلم کرتے ہیں۔ صبح و شام 216 بار **یا جبار یا قہار** کا ورد کریں۔

## حاسد اپنی موت مر جائے

حسد کے مارے لوگ شریف لوگوں کو مختلف طریقوں سے پریشان کرتے ہیں ایسے حاسدوں سے نجات کیلئے ذیل کا دیا گیا وظیفہ روزانہ بعد نماز فجر کریں۔ لوبان کو کوٹ کر 11 مرتبہ سورہ الملک دم کریں اور روزانہ صبح اس کی دھونی پورے گھر میں دیں اس طرح کم از کم 7 روز کرنے سے ہر طرح کے جادو کے اثرات کا خاتمہ ہوجائیگا۔

## بیماری ختم، صحت مند ہو جائیں

ذیل کا نقش اسم ذات اللہ کا ہے اس نقش کو بنانے سے قبل اسکی زکات ادا کی جاتی ہے۔ 66 عدد نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں بنائیں ان گولیوں کو دریا نہر یا سمندر میں ڈال دیں۔ نوچندی جمعرات سے روز 6666 بار یا اللہ 21 دنوں تک پڑھیں اول آخر ایک ایک بار درود شریف بھی پڑھیں اور نقش پر دم کرتے جائیں۔ اس طرح آپ اس نقش کے عامل ہوجائیں گے۔ پھر 3 نقش بنا کر 66 مرتبہ یا اللہ کا ورد کیا جائے ذیل کا نقش لا علاج جسمانی بیماریوں کے خاتمہ کیلئے بھی بہت مفید ہے۔ اس عمل کے آغاز سے قبل اور بعد میں صدقہ اور خیرات کیا جائے۔ سائل کیلئے یہ نقش زعفران کی سیاہی سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر آب زمزم سے دھو کر 7 دن تک پلایا جائے۔



# کرشمات بخاری

# جادو کا توڑ اور جادو سے تحفظ

تحریر: سید عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین محترم کو میری طرف سے السّلام علیکم! اللہ پاک ہم سب کو اپنی خاص پناہ میں رکھے۔ آپ محترم قارئین کی خدمت میں اپنے مضمون کے ساتھ حاضر ہوا ہوں جو کہ آپ کے روحانی علوم کی معلومات میں اضافہ دے گا۔ میری پوری پوری کوشش ہوتی ہے کہ میں اپنے خاندان کے بزرگوں کے عمل تحریر کر دوں تا کہ لوگوں کو فائدہ حاصل ہو، میری روحانی ریسرچ کافی عرصے سے چل رہی ہے جو ریسرچ سے معلوم ہوتا ہے وہ میں آپ قارئین اور روحانی علوم سے تعلّق رکھنے والوں کو ہدیہ کر دیتا ہوں، چلیں مضمون کی طرف، آج کل عاملوں کی فیکٹریاں کُھل گئی ہیں، جہاں دیکھو عامل، دیواروں پر نمبر اور پل پر فلاں عامل کا نمبر اور پتہ ہر کام 24 گھنٹے کے اندر اندر ہو جائے گا، محبوب آپ کے قدموں میں، اُلو کے خون سے ہر جائز اور ناجائز کام ہوگا اور انٹرنیٹ پر تصویر کے ساتھ اپنا پورا حوالہ دیتے ہیں،

اب دوسری طرف آجائیں **سوشل میڈیا پر آپ کو ایسے ایسے فنکار روحانی اسکالر**، بابے کالے نیلے پیلے علم کے مل جائیں گے جن کو اُٹھنے بیٹھنے کی تمیز نہیں ان کو اپنے گھر سے جوتے پڑتے ہیں۔ ان کے اپنے گھر والے کوئی اہم بات کرنے لگیں تو ڈانٹ کر کمرے سے باہر نکال دیتے ہیں۔ میری اس قسم کے دو چار دعوے داروں سے فون پر بات ہوئی پتہ چلا کہ ان کو وظائف اور چلہ کشی بارے الف بے بھی معلوم نہیں ایسے میں ان کی حالت پر ماتم کرنے کو جی چاہا۔ کہ ان جیسے لوگوں کی وجہ سے یہ مقدس روحانی شعبہ بدنام ہوا اور ہو رہا ہے۔ قارئین تحفہ روحانیات سے گزارش ہے کہ ایسے نام نہاد روحانی اسکالر، عاملین، بابوں سے بچیں۔

**ارے اللہ کا واسطہ ہے بس کر جاؤ**، لوگوں کو بے وقوف مت بناؤ، اللہ سے ڈرو، زمانہ میں پڑھے لکھے لوگ بھی ہیں اور اچھے عامل حضرات بھی ہیں، اللہ پاک ایسے جھوٹے، مکار، دغا باز عامل حضرات سے ہمیں محفوظ رکھے۔ کیونکہ میرے مضمون کا عنوان ''جادو کا توڑ اور جادو سے تحفظ'' ہے اس کا علاج کرنے والے بہت ہوں گے مگر مکمّل علاج کرنے والے اور توڑ کرنے والے نہیں ہوں گے۔ بہت سے لوگ میری اس بات کو سمجھ نہ پائیں۔ دراصل ہر عامل جادو کا مکمّل علاج نہیں کر پاتا؟ کیونکہ جادو ایک وائرس کی طرح ہوتا ہے۔ یہ وائرس پورے جسم میں پھیل جاتا ہے خاص کر معدے کو نقصان پہنچتا ہے اکثر جادو جس پر ہوتا ہے جیسے جیسے وقت گزرتا رہتا ہے معدے میں ہلکا ہلکا درد شروع ہو جاتا ہے، پھر ہڈیوں میں اثر انداز ہوتا ہے خاص کر ہڈیوں کے جوڑ میں، پھر سر میں یعنی دماغ میں جھٹکے سے لگتے ہیں اور معدے کی وجہ سے جگر بھی متاثر ہو جاتا ہے۔ جادو کا علاج کرنا اتنا آسان نہیں ہوتا جیسا کہ میں نے کہا ہر کوئی عامل مکمّل علاج نہیں کر پاتا، جادو کے توڑ کا مکمّل علاج کرنا اور اس میں مہارت حاصل کرنا اتنا آسان کام نہیں، اُستادوں کی رہنمائی بھی ضروری ہوتی ہے وقت اور محنت سے مہارت حاصل ہوتی ہے۔ ایک مثال دیتا ہوں کہ ایک اچھا ڈینٹر گاڑی کا ڈینٹ اچھے سے نکلے گا اور پھر رنگ کرے گا اور وہ ایک ڈینٹر جو ہلکا سے ڈینٹ ٹھیک کیا اور رنگ کر دیا اس نے محنت کم کی اور رنگ کر کے پیسے زیادہ لے لئے اور ایک وہ جو مکمّل ڈینٹ نکلنے والا کیوں کہ محنت سے کام سیکھا ہوں ڈینٹر کام اچھا اور خوب صورت انداز سے کرے گا جو نظر آئے گا اور ایک پیلنے والے ڈینٹر کا کام کیا ہوا کچھ ہی دنوں میں نظر آنا شروع ہو جائے گا۔ شاید آپ میری مثال سمجھ گئے ہوں گے، ویسے تو بہت سی کتابیں پڑھ کر لوگ عامل کہلانے لگے۔ میں اللہ پاک کے فضل و کرم سے اور اپنے بزرگوں اور اُستادوں کی دُعاؤں سے آپ کو اس کا توڑ اور مکمّل علاج بتاؤں گا اور تحفّظ بھی، جب جادو کا علاج مکمّل نہیں ہوتا تو ویسے مریض ٹھیک ہو جاتا ہے مگر وقتی طور پر کیونکہ کے جادو جسم کے مخصوص اعضاء پر رہتا ہے جس کا ذکر میں اُوپر کر چکا ہوں معدے پر ہوگا تو السر کا مرض لاحق ہو جائے گا۔ ہڈیوں میں ہو تو ہڈیوں کا مرض یا وٹامن ڈی کی کمی یا زیادتی ہوگی، سر میں ہو تو مرگی یا برین ٹیومر ہو جاتا ہے۔ لہٰذا جادو کا توڑ کرنا مکمّل بہت ضروری ہوتا ہے اور اس سے تحفّظ بھی ضروری ہوتا ہے میرے پاس اس کا مکمّل علاج موجود ہے اور اس علاج سے کافی لوگوں کو روحانی جسمانی فائدہ حاصل ہوا اور آج آپ قارئین محترم کو ہدیہ کر رہا ہوں مگر ایک ضروری بات یہ ہے کہ مجھ سے یا ادارے کے بانی سے اجازت لیں کیونکہ کافی میرے پاس فون اور خط ای

مقبول عام کتب خانہ، اردو بازار اٹک 0321-5715076 ادارہ روحانیات

میل آتے ہیں ہمیں فلاں عمل سے فائدہ نہیں ہو یا فلاں نقش تیار کیا مگر کچھ حاصل نہیں ہوا، برائے کرم اجازت ضرور لیں اور بانی یا میں حساب دیکھیں گے کہ آپ ایسے عامل ہیں اور آپ کے اندر کتنی روحانی قوت موجود ہے۔

## چند ضروری ہدایات

(ا) عامل علاج کرنے سے پہلے اپنا صدقہ دیں۔

پانچ قسم کا اناج لیں، اپنا استعمال شدہ رومال لیں اور اناج سات بار اپنے اُوپر سے وار کر رومال میں ڈال کر کسی ویران جگہ پر رکھ دیں اور پیچھے مُڑ کر نہ دیکھیں اور گھر آ کر فوراً غسل کریں، غسل کرنے کے بعد حصار خاص کریں اپنا اور اپنے گھر والوں کا اور اپنی جگہ یہ ضروری ہے۔

(2) مریض کو اپنے سامنے باوضو بیٹھا کر چیک کریں، سائل پر جادوئی اثرات ہیں یا جناتی مرض میں مبتلا ہے۔

(3) جب مریض کا علاج شروع کریں تو سوا کلو بغیر ہڈی کا گوشت بکرے کا لیں اور تین عدد لونگ پھول والی، تین عدد لیموں مریض کے استعمال شدہ قمیص ہو اس میں ڈال دیں اور عورت ہو تو دوپٹہ میں ڈال دینا اور سات بار سر سے وار کر ویران جگہ رکھ دیں، علاج کے پہلے دن استعمال شدہ کپڑا ہوگا، صدقہ میں اور آخری دن صرف یہ سامان کا صدقہ ہوگا۔

(4) مریض کو سات دن بعد بلانا ہوگا اس سے پہلے آپ نہیں ملیں،

(5) روحانی معالج مکمّل مہارت حاصل شدہ ہوگا تو ان اُصولوں کو سمجھ جائے گا۔ غلطی کی گنجائش نہیں ہے۔

(6) روحانی معالج مریض سے ان چیزوں کا پرہیز کرائے، انڈہ، مچھلی، پیاز، ہر قسم کا گوشت وغیرہ گیارہ دن کیلئے۔

(7) روحانی معالج پانچ وقت کا نمازی ہو، قرآن پڑھا ہوا ہو، لازمی کیونکہ یہ عمل جلالی و رُوحانی ہے۔

## عید کے دن کا وظیفہ

**عید الفطر کے دن اس وظیفہ کو پڑھیں ہر جائز مقصد پورا ہو گا۔**

جاء نماز پر باضو ہو کر بیٹھ جائیں درود ابراہیمی 11 بار پڑھیں اب 1100 بار اس عبارت کو دہرائیں یا اسرافیل نور عطائے غریب نواز کے صدقے ابراہیمؑ و آل ابراہیم کے صدقے صدقہ پنجتن پاک کا (یہاں اپنی حاجت بیان کریں) میری فلاں مراد فوری پوری ہو۔ فقیر سردار خان (بھاگناڑی)

## ماں کی فضیلت

تحریر:۔ محمد علیم نظامی (لاہور)

☆ ماں کی اصل خوبصورتی اس کی محبّت ہے۔ (حضرت ابو بکر صدیقؓ)

☆ ماں کی نافرمانی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوسکتا۔ (حضرت عمر فاروقؓ)

☆ ماں ایک مشعل ہے جو ہمیشہ ایک صحیح راستہ دکھاتی ہے۔ (عثمان غنیؓ)

☆ ماں دنیا کی عظیم ترین ہستی ہے۔ (شیر خدا سید نا علی المرتضیٰ)

☆ اولاد کو ماں کا احسان مند ہونا چاہیے جو ہر قسم کیا اچھے و بُرے حالات میں اُسکی دیکھ بھال کرتی ہے۔ (حضرت آمنہؓ)

☆ خوش قسمت ہے وہ اولاد جو اپنے ماں باپ کی خدمت و عزت کرتی ہے۔ (حضرت ابو ہریرہؓ)

☆ ماں کی نافرمانی کرنا سب سے بڑا گناہ ہے۔ (حضرت عائشہ صدیقہؓ)

☆ ماں کے بغیر گھر قبرستان کی طرح لگتا ہے۔ (اورنگ زیگ عالمگیر)

☆ دنیا کی سب سے حسین شے ماں اور صرف ماں ہے۔ (مولانا محمد علی جوہر)

☆ سخت سے سخت دل کو ماں کی پُرنم آنکھوں سے موم کیا جاسکتا ہے۔ (علامہ اقبالؒ)

☆ ماں کی محبّت حقیقت کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ (حضرت الطاف حسین حالیؒ)

☆ ماں اور پھول میں مجھے کوئی فرق نظر نہیں آتا۔ (نادر شاہ)

☆ ماں کا پیار ایسا ہے جو کسی کو سکھانے اور بتانے کا نہیں۔ (حکیم لقمان)

☆ اگر مجھ سے ماں کا پیار چھین لیا جائے تو میں پاگل ہو جاونگا۔ (فردوسی)

☆ اس بات سے ہمیشہ ڈرو کہ ماں نفرت اور بدُعا کیلئے ہاتھ اٹھائے۔ (بو علی سینا)

☆ ماں کا رشتہ گل سے زیادہ نازک اور نسیم سحر کے جھونکوں سے زیادہ لطیف ہے۔ (حیرت جلالپوری)

☆ ماں ایک دعا ہے جو بچے کے سر پر سایہ رکھتی ہے۔ (احمد ندیم قاسمی)

☆ ماں ایک پھول کی مانند ہے جو اپنی محبّت سے اپنی اولاد کو معطّر کرتی ہے۔ (مجید نظامی)

☆ ماں ایک بہت بڑی نعمت ہے اس لیے تو کہا گیا ہے کہ ماں کے پاؤں کے نیچے جنت ہوتی ہے۔

☆ ماں تو ہر سانس کے ساتھ اپنی اولاد کیلئے دُعائیں مانگتی ہیں۔

☆ ماں تو ایک اعلیٰ اور عظیم ہستی ہے جس کا کوئی ثانی نہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ ماں جیسی نعمت سے کسی کو محروم نہ کریں اور ہر ایک کو یہ رتبہ بخشے۔ (آمین)

# یونانی ٹوٹکے

تحریر
حکیم سریندر رائے
انڈیا

## پھوڑے پھنسی

گاچنی، تیل سرسوں، سر کے بال باریک کرتے ہوئے نیلا تھوتھیا کُوٹ کے برتن میں ساری چیزیں ڈال کر بانس کی لکڑی سے خوب گھوٹیں۔ جب تار بندھ جائے تو دوائی تیار ہے۔ بس ہمہ قسم کے زخم پر لگائیں۔

**نسخہ برائے کاربنکل پھوڑا** :۔تمباکو کے پتے، بیری کے پتے ہموزن لیکر پیس لیں زخم پر باندھیں، تمام کیڑے ٹکیہ پر آجائینگے اس کو اتار کر دوسری پٹی باندھیں۔ دودھ گھی زیادہ کھائیں۔

**سر کے پھوڑے پھنسیاں** :۔نوشادر، سوہاگہ، مرچ سیاہ، کمیلہ مردار سنگ، نیلا تھوتھا، سب ہموزن لیکر باریک پیس کر چار گُنا گائے کے مکھّن میں اچھی طرح ملا کر پھوڑے پھنسیاں پر لگایا کریں۔ مجرب ہے۔

## ہچکی

مولی کا بیج اور چینی پانی میں رگڑ کر پلائیں فوراً ہچکی رُک جائیگی۔

## ہیضہ

**نسخہ 1**:۔ ہینگ 4 ماشہ، کافور 2 ماشہ، افیون 2 ماشہ، سنڈھ 8 ماشہ، فلفل گرو 8 ماشہ، کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک دن میں تین بار استعمال کریں۔

**نسخہ 2**:۔آک کی جڑ کا رازہ چھلکا، کالی مرچ ہموزن لیکر ادرک کے پانی میں کھرل کریں، چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک سے تین گولی ہمراہ گرم پانی کے استعمال کریں۔ **فوائد**:۔درد معدہ اور خاص کر مریض ہیضہ جبکہ قریب المرگ ہو چکا ہو۔ صحت مند ہو جائے گا۔

**نسخہ 3**:۔آک کے پھول کا اندرونی غنچہ، کالی مرچ، نمک لاہوری، ہموزن لیکر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ **خوراک**:۔ایک سے دو گولی گرم پانی سے لیں، سخت ہیضہ کیلئے مجرب ہے۔ (امرت دھارا بھی مجرب ہے)۔

**نسخہ 4**:۔تیزاب گندھک میں ایک باریک سا تنکا تھوڑا سا ڈبو دیں اور پانی میں پلا کردہ پانی پلائیں۔ مجرب ہے۔

## بچھو کے کاٹے

**نسخہ 1**:۔نوشادر کو ہموزن عرق پیاز میں مل کر کے ڈنگ پر لگائیں۔

**نسخہ 2**:۔ ہلدی جوب کر کے حقہ میں بجائے تمباکو کے پلائیں۔ شرطیہ آرام ہوگا۔ **نسخہ 3**:۔ شکر یا شہد کا لیپ کریں۔ **نسخہ 4**:۔ بچھو کے کاٹے پر مکھی مار کر مل دیں، آرام ہوگا۔ **نسخہ 5**:۔ مقام ڈنگ پر پوٹاشیم مل دیں۔ آرام ملے گا۔ **نسخہ 6**:۔ لائیکر ایمونیا فورٹ کا ایک پھایہ لگاتے ہی ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔

## مارگزیدہ کا علاج

سبھلادہ کا تیل 1 تولہ، موم 6 ماشہ دونوں کو ملا کر جوڑے منہ والی شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت کسی تنکہ سے ایک بوند مقام مارگزیدہ پر لگائیں۔

## بیہوشی کو دور کرنا

الکحل، ایتھر کلوروفارم، منتھول، لائیکورا ایمونیا ان سب کو شیشی میں ملا رکھیں۔ بوقت ضرورت دوا کے چند قطرے رومال پر چھڑک کر مریض کے ناک کے قریب رکھیں ان شاءاللہ ہوش میں آجائیگا۔

## بال بڑھانے کا نسخہ

نیم اور بیری کے پتے پیس کر اچھی طرح بالوں پر لگا دیا کریں اور ۲ گھنٹہ کے بعد دھو دیا کریں۔

## نسخہ تریاق زہر

اگر کوئی سنکھیا کھالے تو انڈے کی سفیدی جتنی ہو سکے پلائیں، زہر کا خاتمہ ہو جائیگا اور ان شاءاللہ شفاء پائیگا۔

# روحانی علاج

تحریر:۔ باباصدف انبالوی (ملتان)

## یَاحَکِیمُ

اے حکمت والے، یہ اسم جمالی ہے۔ **تاثیر**:۔اس کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا ہر ایک کام میں نہایت تعامل کرتا ہے۔ جب تک اس کام میں دین کی بھلائی نہیں دیکھتا ہر گز نہیں کرتا۔ **خاصیت**:۔ اگر کوئی مہم یا مشکل درپیش ہو اور اس کا سرانجام نہ بن پڑتا ہو اس مبارک نام کو تین ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھے بفضلہٖ تعالیٰ وہ مرحلہ جلد طے ہو گا۔
**خاصیت**:۔ اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی ہو اور عورت چاہے کہ میاں سے اتفاق ہو یا مرد چاہے کہ بیوی سے اتفاق ہو جائے تو ایک ہزار ایک مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر اس نام کو پڑھ کر دم کیا جائے اور لڑنے والے اور بد مزاجی کرنے والے کو کھلایا جائے انشاء اللہ فوراً اتفاق اور محبّت پیدا ہو گی۔
**خاصیت** :۔ظہر کی نماز کے بعد نوے مرتبہ اس نام کے پڑھنے سے ہر مشکل آسان اور مخلوق میں سُرخروئی نصیب ہو گی۔

## یَاوَدُودُ

اے دوست رکھنے والے، یہ اسم جمالی ہے۔ **تاثیر**:۔اس کی یہ ہے کہ اس کا ورد رکھنے والا ہر ایک متعلّقین سے ہے نہایت محبّت و الفت رکھے گا کبھی کسی کی بدخواہی اور بُرائی کیلئے آمادہ نہ ہو گا۔ **خاصیت**:۔ جس شخص کا فرزند بدراہ اور عورت خاوند سے لڑتی ہو یا خاوند بیوی سے بد مزاجی کرتا ہو تھوڑی سی شیرینی پر ایک ہزار ایک مرتبہ یَا وَدُوْ دُ پڑھ کر دم کرے رکھ لیا جائے۔ پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر کامیابی کی دعا کی جائے۔ پھر موقعہ سے اُس شیرینی کو جسے کھلانی ہو کھلائے انشاء اللہ بہت جلد صلاحیت میسر اور مراد حاصل ہو گی۔
**خاصیت**:۔ اگر عورت خاوند کیلئے تین ہزار مرتبہ **یَاوَدُوْدُ** پڑھ کر کسی قسم کے عطر پر دم کرے پھر وہی عطر لگا کر خاوند کے سامنے آجائے۔ خاوند اس عورت کو بے حد محبوب رکھے گا۔ **تنبیہ**:۔ ناجائز تعلّق میں اس مبارک نام کو استعمال کرنا سخت منع ہے۔ اگر کوئی ایسا کریگا انجام میں کوڑھی جذامی ہو جائیگا۔ **خاصیت**:۔ جس شخص کا گھوڑا بد مزاج شوخ ہو۔ چنے کے آٹے پر تین سو دفعہ **یَاوَدُوْدُ** پڑھ کر دم کر کے گھوڑے کو کھلایا جائے۔

## یَامَجِیدُ

اے بزرگ، یہ اسم جمالی ہے۔ **تاثیر**:۔اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو ہمیشہ پڑھے نیک خصلت، نیک چلن، نیک ذات ہو جائیگا۔
**خاصیت**:۔ جس شخص کے جذام یا خونی بواسیر یا کسی اور قسم کے ناسور زخم ہوں وہ تیرھویں تاریخ سے پندرھویں تک برابر تین روزے رکھے۔ افطار کے وقت سات ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے پھر پانی پر دم کر کے پانی نوش کرے اور ہاتھ اٹھا کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ **اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَمِنْ سَیِّ ءِ الْاَسْقَامِ**۔ انشاءاللہ العزیز تین دن میں کامل شفاء نصیب ہو گی۔ **خاصیت**:۔ عزت حاصل ہونے کیلئے ننانوے (99) مرتبہ صبح کی نماز کے بعد پڑھنا پھر اپنے اوپر دم کرنا نہایت مفید ہے۔
**خاصیت**:۔ جس شخص کی پسلی میں درد ہو ایک ہزار ایک (1001) مرتبہ اس نام کو پڑھ کر روئی پر دم کر کے روئی درد کی جگہ باندھے۔

## یَابَاعِثُ

اے مرنے کے بعد زندہ کرنے والے۔ یہ اسم جمالی ہے۔ **تاثیر**:۔اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا زندہ دل، بیدار مغز، ہوشیار ہو گا، کبھی سُستی اور غفلت کو پسند نہ کریگا۔ **خاصیت**:۔ جو کوئی کسی بد مزاج حاکم کے سامنے جانا چاہیے سات مرتبہ اس مبارک نام کو اپنے اوپر پڑھ کر پھونکے اور پھر حاکم کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ وہ حاکم نہایت نرمی سے پیش آئیگا۔
**خاصیت**:۔ اگر کسی شخص کا لڑکا یا عزیز رفیق گُم ہوا ہو اور اُس کا زندہ واپس آنا مقصود ہو وہ شخص **یَابَاعِثُ** کا ختم پڑھے۔ انشاء اللہ مُراد پوری ہو گی۔ ختم کی ترکیب یہ ہے کہ برابر تین روزے رکھے اور ظہر کی نماز کے بعد پانچ ہزار مرتبہ یَابَاعِثُ پڑھا جائے اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا کی جائے ۔ **اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْاَرْضَ اَرْضُكَ وَالسَّمَآءَ سَمَآئُكَ وَمَابَیْنَھُمَا فِھِیَ لَكَ اٰتِ بِفُلَانٍ اِلَیْنَا**۔ اور لفظ فلاں کی جگہ اس گم شدہ شخص کا نام لیا جائے اکیس (21) مرتبہ یہ دعا پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیرے جائیں۔ ان شاءاللہ تین روز کے اندر مطلوب مع الخیر واپس آئیگا۔

مختار کتاب گھر، ریلوے سٹیشن دادو۔ 0300-3557490
ادارہ روحانیات

## ARIES
## حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ا، ل، ع، ی۔پتھر، مرجان۔مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔اسم اعظم، یامحیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

